Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 14 | بدھ، 26 اپریل، 2023ء، 05 شوال المکرم 1444ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 16

محسن نقوی نے اپنوں کی بے اعتنائی کا شکار بزرگوں کی دل جوئی کے لئے اولڈ ایج ہوم کا دورہ کیا، محسن نقوی نے بزرگوں کے ساتھ وقت گزارا، عید کی مبارکباد اور تحائف دیئے

محسن نقوی کا اولڈ ایج ہوم کا دورہ، بزرگوں میں عید تحائف تقسیم

محسن نقوی عافیت میں مقیم تمام بزرگوں کے کمروں میں گئے اور سب سے فرداً فرداً ملاقات کی، وزیراعلیٰ نے بزرگ مرد و خواتین سے عافیت میں فراہم کردہ سہولتوں کے بارے میں دریافت کیا

عافیت میں کھانے کا معیار اور دیگر سہولتیں بہت اچھی ہیں، یہاں موجود سہولتوں کو الفاظ میں بیان نہیں کر سکتے لیکن بدقسمتی سے ہمارے خون کے رشتے سفید ہو گئے ہیں، اب پرایا خون اپنا لگتا ہے

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے سوشل ویلفیئر کمپلیکس ٹان شپ میں بے سہارا بزرگوں کیلئے قائم ادارے عافیت اولڈ ایج ہوم کا دورہ کیا اور بزرگوں میں عید تحائف تقسیم کیے۔ نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے اپنوں کی بے اعتنائی کا شکار بزرگوں کی دل جوئی کے لئے اولڈ ایج ہوم کا دورہ کیا، محسن نقوی نے بزرگوں کے ساتھ وقت گزارا، عید کی مبارکباد اور تحائف دیئے۔ محسن نقوی عافیت میں مقیم تمام بزرگوں کے کمروں میں گئے اور سب سے فرداً فرداً ملاقات کی، وزیراعلیٰ نے بزرگ مرد و خواتین سے عافیت میں فراہم کردہ سہولتوں کے بارے میں دریافت کیا، محسن نقوی نے بزرگوں سے ان کے مسائل پوچھے، بزرگ مرد و خواتین نے عافیت میں کھانے کے معیار اور دیگر سہولتوں پر اطمینان کا اظہار کیا۔ بزرگوں کا کہنا تھا کہ عافیت میں کھانے کا معیار اور دیگر سہولتیں بہت اچھی ہیں، یہاں موجود سہولتوں کو الفاظ میں بیان نہیں کر سکتے لیکن بدقسمتی سے ہمارے خون کے رشتے سفید ہو گئے ہیں، اب پرایا خون اپنا لگتا ہے۔ محسن نقوی نے بزرگوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا میں آپ کو عید کی خوشیوں میں شریک کرنے آیا ہوں، آپ جیسے بزرگوں کا خیال رکھنا ہماری ذمہ داری ہے۔ نگران وزیراعلیٰ پنجاب نے عافیت میں مقیم تمام بزرگوں کی بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام میں رجسٹریشن کرانے کا حکم دیا اور بزرگوں کا باقاعدگی سے میڈیکل چیک اپ کرانے کی بھی ہدایت (بقیہ نمبر 1)

ملکی معیشت کو مل کر ٹھیک کرنے کی ضرورت ہے: چودھری شجاعت

وفد نے چوہدری شجاعت کی قیادت پر بھرپور اعتماد کا اظہار کیا انہیں عید کی مبارکباد بھی دی

گجرات (خصوصی رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ کے صدر چودھری شجاعت حسین نے کہا ہے کہ پاکستان مسلم لیگ کا ایجنڈا پاکستان کو مشکلات سے نکالنا ہے، ملکی معیشت کو مل کر ٹھیک کرنے کی ضرورت ہے، سب کو کہتا ہوں مل بیٹھ کر باہمی اتفاق سے ملکی مسائل (بقیہ نمبر 4)

مبینہ آڈیو لیک چوری کا مال ہیں اسے نہیں مانتا، ثاقب نثار

اس آڈیو سے کوئی بھونچال نہیں مچا، کوئی زلزلہ نہیں آ گیا، میری رائٹ ٹو پرائیویسی کو متاثر کیا گیا ہے

لاہور (نیوز رپورٹر) سابق چیف جسٹس آف پاکستان ثاقب نثار نے مبینہ آڈیو لیک کو چوری کا مال قرار دے دیا۔ مبینہ آڈیو لیک پر دو نیا نیوز سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے سابق چیف جسٹس ثاقب نثار کا کہنا ہے کہ اس آڈیو سے کوئی بھونچال نہیں مچا، کوئی زلزلہ نہیں آ گیا (بقیہ نمبر 3)

نئی ڈیجیٹل مردم شماری کیلئے فیلڈ آپریشن کل دوبارہ شروع ہوگا

ادارہ شماریات کے مطابق پنجاب میں اب تک 11 کروڑ 60 لاکھ 34 ہزار 900 افراد کو شمار کیا گیا ہے

لاہور (خصوصی رپورٹر) ملکی تاریخ کی پہلی ڈیجیٹل مردم شماری کے فیلڈ آپریشن کا آخری مرحلہ کل بروز بدھ سے شروع ہوگا۔ ادارہ شماریات کے مطابق پنجاب میں اب تک 11 کروڑ 60 لاکھ 34 ہزار 900 افراد کو شمار کیا گیا ہے، سندھ میں 5 کروڑ 28 لاکھ (بقیہ نمبر 2)

وزیراعظم سے مسلم لیگ ن کی اعلیٰ قیادت اور قانونی ماہرین سے اہم ملاقاتیں ہوئیں، جن میں وفاقی وزیر خواجہ سعد رفیق، سردار ایاز صادق، وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ شامل تھے

وزیراعظم کی ایک ہی دن الیکشن سے متعلق ملاقاتیں اور مشاورت، پٹیشن پر اہم

پارٹی ذرائع کے مطابق اٹارنی جنرل منصور عثمان اعوان کی بھی وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات ہوئی ہے۔ شہباز شریف نے اپنے رفقا سے موجودہ ملکی سیاسی و آئینی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا ہے

لیگی ذرائع کے مطابق سپریم کورٹ میں انتخابات ایک ہی دن کروانے کی پٹیشن کا معاملے پر وزیراعظم شہباز شریف نے لاہور میں اپنی رہائش گاہ ماڈل ٹان میں اپنے قریبی سیاسی رفقا و قانونی ماہرین سے مشاورت کی ہے

لاہور (نامہ نگار) وزیراعظم شہباز شریف نے ایک ہی دن میں انتخابات سے متعلق پٹیشن کے حوالے سے اہم مشاورت کی ہے۔ لیگی ذرائع کے مطابق سپریم کورٹ میں انتخابات ایک ہی دن کروانے کی پٹیشن کا معاملے پر وزیراعظم شہباز شریف نے لاہور میں اپنی رہائش گاہ ماڈل ٹان میں اپنے قریبی سیاسی رفقا و قانونی ماہرین سے مشاورت کی ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف سے مسلم لیگ ن کی اعلیٰ قیادت اور قانونی ماہرین سے اہم ملاقاتیں ہوئیں، جن میں وفاقی وزیر خواجہ سعد رفیق، سردار ایاز صادق، وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ شامل تھے۔ علاوہ ازیں وزیراعظم کے معاونین خصوصی ملک احمد اور احد چیمہ بھی ملاقات کرنے والوں میں شامل تھے۔ پارٹی ذرائع کے مطابق اٹارنی جنرل منصور عثمان اعوان کی بھی وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات ہوئی ہے۔ شہباز شریف نے اپنے رفقا سے موجودہ ملکی سیاسی و آئینی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے لاہور میں اپنی رہائش گاہ ماڈل ٹان میں اپنے قریبی سیاسی رفقا و قانونی ماہرین سے مشاورت کی ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف سے مسلم لیگ ن کی اعلیٰ (بقیہ نمبر 5)



اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف نے اتحادی حکومت کا مشاورتی اجلاس کل طلب کر لیا

ثاقب نثار اور خواجہ طارق کی مبینہ آڈیو، مسلم لیگ ن کا ردِعمل

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) مسلم لیگ ن کا سابق چیف جسٹس ثاقب نثار اور سینئر وکیل خواجہ طارق رحیم کی مبینہ آڈیو لیک پر ردِعمل آ گیا۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی وزیر منصوبہ بندی اور رہنما (بقیہ نمبر 6)

دھماکا دہشت گردی نہیں تھانے کے اندر بارودی مواد پھٹا، آئی جی کے پی

دھماکے میں غفلت اور دیگر پہلوؤں پر تفتیش جاری ہے، اختر حیات گنڈاپور

پشاور (جنرل رپورٹر) آئی جی خیبر پختونخوا اختر حیات گنڈاپور کا کہنا ہے کہ سی ٹی ڈی تھانے میں دھماکا دہشتگردی نہیں بلکہ تھانے کے اندر موجود بارودی مواد پھٹا تھا۔ میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے آئی جی کے پی نے کہا کہ دھماکے میں غفلت اور دیگر پہلوؤں پر تفتیش جاری ہے۔ اختر (بقیہ نمبر 7)

ملک کے چپے چپے کا دفاع کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں: ترجمان پاک فوج

افواج پاکستان ملک کے چپے چپے کا دفاع کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے اگر ضرورت پڑی تو ہم جنگ کو دشمن کی حدود تک لے جائیں گے

پاکستان نے ہمیشہ اقوام متحدہ کے مبصر مشن کا خیر مقدم کیا، بھارت کی طرف سے فضائی حدود کی 3 خلاف ورزیاں ہوئیں

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) ڈی جی آئی ایس پی آر میجر جنرل احمد شریف چودھری نے کہا ہے کہ افواج پاکستان ملک کے چپے چپے کا دفاع کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے اگر ضرورت پڑی تو ہم جنگ کو دشمن کی حدود تک لے جائیں گے، بھارت نے کسی غلطی فہمی میں مہم جوئی کا سوچا تو عوام کے تعاون (بقیہ نمبر 8)

آصف زرداری کی ریکارڈ تقریر میں اسٹیبلشمنٹ سے رابطوں کا اعتراف ہے: فیاض الحسن چوہان

لاہور (خصوصی رپورٹر) پاکستان تحریکِ انصاف کے رہنما فیاض الحسن چوہان نے کہا ہے کہ سابق صدر آصف زرداری کی تقریر ریکارڈ پر ہے جس میں اسٹیبلشمنٹ سے رابطوں کا اعتراف ہے۔ فیاض الحسن چوہان نے پی پی رہنما شرجیل میمن کی پریس کانفرنس پر اپنے ردِعمل کا اظہار کیا ہے۔ اُنہوں نے کہا ہے کہ آصف زرداری نے اس حوالے سے کہا ہے کہ بھائی لوگ ہمیں کہتے ہیں کہ آئیں معاملات (بقیہ نمبر 12)

پارلیمنٹ کے فیصلوں پر عدلیہ حکم امتناع نہیں دے سکتی: خورشید شاہ

سیاست میں مذاکرات ہونے چاہئیں لیکن دھمکی دے کر مذاکرات نہیں کروائے جا سکتے

سکھر (نیوز رپورٹر) وفاقی وزیر آبی وسائل خورشید شاہ کا کہنا ہے کہ پارلیمنٹ کے فیصلوں پر عدلیہ حکمِ امتناع نہیں دے سکتی۔ خورشید شاہ نے سکھر میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پارلیمنٹ (بقیہ نمبر 13)

مریم نواز عمرہ ادائیگی کے بعد سعودی عرب سے ''آج'' پاکستان پہنچیں گی

محمد صفدر، دونوں بیٹیاں ماہ نور اور مہر النساء، بیٹا جنید اور بہو عائشہ سیف بھی ان کے ہمراہ تھے

لاہور (اسپیشل رپورٹر) مسلم لیگ ن کی سینئر نائب صدر مریم نواز سعودی عرب سے آج واپس پاکستان پہنچ جائیں گی۔ چیف آرگنائزر مسلم لیگ (ن) مریم نواز عمرے کی ادائیگی کے لئے سعودی عرب گئی تھیں۔ سعودی عرب میں مریم نواز نے اپنے والد نواز شریف اور دیگر اہلِ خانہ کے (بقیہ نمبر 14)

شکست کے خوف سے الیکشن نہ کرانے کے تباہ کن نتائج ہوں گے: عمران خان

عمران خان نے کہا کہ تحریک انصاف کے قیام و اساس کا مقصد ہی ملک میں عدل و انصاف کا قیام، قانون و دستور کی حکمرانی ہے

ملک میں جاری بحران کا واحد حل فیصلے کیلئے جمہور سے رجوع ہے، دستورِ پاکستان کی رو سے اقتدارِ اعلیٰ کا مالک اللہ تعالیٰ، اختیارات کا سرچشمہ عوام ہیں

لاہور (خصوصی رپورٹر) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف عمران خان نے کہا ہے کہ حکومت کی جانب سے انتخاب کے انعقاد سے انکار دستور پر ننگے حملے کے مترادف ہے، محض شکست کے خوف اور اپنے مفادات کیلئے آئین سے انحراف کے نتائج تباہ کن ہوں گے۔ سینئر صحافیوں اور اینکرز سے (بقیہ نمبر 15)

مظفر آباد: سردار تنویر الیاس وزارت عظمیٰ کے بعد پارٹی صدارت سے بھی فارغ

پی ٹی آئی کراچی کے 9 ایم این ایز کا آج قومی اسمبلی اجلاس میں شرکت کا فیصلہ

کراچی (اسپیشل رپورٹر) پی ٹی آئی کراچی کے 9 ایم این ایز نے کل قومی اسمبلی اجلاس میں شرکت کا فیصلہ کر لیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق پی ٹی آئی کراچی کے صدر آفتاب صدیقی نے اسپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف کو خط لکھ دیا۔ خط میں کہا گیا ہے کہ 9 ایم این ایز 26 اپریل کو قومی اسمبلی (بقیہ نمبر 23)

ایم کیو ایم کو مردم شماری کی فکر ہے تو حکومت چھوڑ دے: آفتاب صدیقی

27 اور 28 اپریل کو ہم ٹاؤن کی سطح پر احتجاجی کیمپ لگائیں گے؛ رہنما تحریک انصاف

کراچی (نیوز رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کراچی کے صدر آفتاب صدیقی نے کہا ہے کہ ایم کیو ایم کو مردم شماری کی فکر ہے تو حکومت چھوڑ دے، ہماری مہم کا حصہ بنے، ہم نے اس معاملے (بقیہ نمبر 25)

ریسکیو 1122 ڈیرہ اسماعیل خان کی عید الفطر کے تین دنوں میں ضلع بھر میں ہونے مختلف حادثات کی تفصیلات جاری

ڈیرہ اسماعیل خان (جنرل رپورٹر) ریسکیو 1122 ڈیرہ اسماعیل خان نے عید الفطر کے تین دنوں میں ضلع بھر میں ہونے مختلف حادثات کی تفصیلات جاری کر دیں، تفصیلات (بقیہ نمبر 24)

نگران وزیراعلیٰ کا نشتر ہسپتال ملتان کا دورہ، مختلف بلاکس کا معائنہ، کام کی رفتار پر برہمی کا اظہار

محسن نقوی کا ہسپتال کے سول ورکس کو مقررہ کردہ ڈیڈ لائن کے اندر مکمل کرنے کا حکم، کمشنر ملتان ڈویژن فوکل پرسن مقرر

محسن نقوی کی صوبائی وزیر سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر ڈاکٹر جاوید اکرم اور سیکرٹری کو ہر ہفتے پراجیکٹ کا وزٹ کرنے کی ہدایت

فیصل آباد: پنجاب میں الیکشن کا فیصلہ ملک کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا سکتا ہے: رانا ثنا اللہ

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے آج نشتر ہسپتال ملتان کا دورہ کیا۔ محسن نقوی نے ہسپتال کے مختلف بلاکس کا معائنہ کیا اور کام کی سست رفتاری پر برہمی کا اظہار کیا۔ محسن نقوی نے ہسپتال کے سول ورکس کو مقررہ کردہ ڈیڈ لائن کے اندر مکمل کرنے کا حکم دیا۔ وزیراعلیٰ نے اس ضمن میں کمشنر ملتان ڈویژن فوکل پرسن مقرر کیا۔ محسن نقوی نے صوبائی وزیر سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن ڈاکٹر جاوید اکرم اور سیکرٹری کو ہر ہفتے پراجیکٹ کا وزٹ کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ مقررہ مدت میں کام مکمل نہ ہونے پر ذمہ دار متعلقہ ٹیم ہوگی۔ محسن نقوی نے منصوبے پر (بقیہ نمبر 16)

راولپنڈی: فوج کو سیاست سے جوڑنا کسی صورت قوم کے مفاد میں نہیں: ڈی جی آئی ایس پی آر

سوات دھماکہ میں شہید ہونیوالوں کی اجتماعی نماز جنازہ ادا کر دی گئی

بارودی مواد کو ناکارہ بنانے سے دھماکوں کی آوازوں سے علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا

پشاور (جنرل رپورٹر) سوات دھماکہ میں شہید ہونیوالوں کی اجتماعی نماز جنازہ ادا کر دی گئی، نماز جنازہ میں پاک فوج اور پولیس کے اعلیٰ افسران سمیت علاقہ معززین اور شہدا کے رشتہ داروں نے شرکت کی، دریں اثنا سی ٹی ڈی تھانے میں موجود بارودی مواد کو ناکارہ بنا دیا گیا بارودی مواد کو ناکارہ بنانے سے دھماکوں کی آوازوں سے علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا تاہم پولیس نے عوام سے اپیل کی کہ وہ خوف زدہ نہ ہوں بارودی مواد کو ناکارہ بنایا جا رہا ہے۔ علاوہ ازیں سانحہ کبل سوات اور لکی مروت واقعہ کے بعد پشاور میں سیکیورٹی خدشات کے باعث سیکیورٹی سخت کر دی گئی ہے عید پر (بقیہ نمبر 21)

جسٹس سردار طارق مسعود کا ٹویٹر پر کوئی اکاؤنٹ نہیں، ترجمان سپریم کورٹ

جعلی اکاؤنٹ چلانے والوں کے خلاف ایف آئی اے کو کارروائی کی ہدایت کر دی گئی ہے

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) سپریم کورٹ کے جج جسٹس سردار طارق مسعود کا سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹویٹر پر کوئی اکاؤنٹ نہیں ہے۔ ترجمان سپریم کورٹ نے اعلامیہ جاری کرتے ہوئے کہا کہ جسٹس سردار طارق مسعود کا سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹویٹر پر کوئی اکاؤنٹ نہیں ہے بلکہ انکے نام سے جعلی ٹویٹر اکاؤنٹ چل رہا ہے۔ اعلامیے کے مطابق معزز جج کا کسی سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر (بقیہ نمبر 22)

حکومتی اور پی ٹی آئی رہنماؤں کے درمیان غیر رسمی ملاقات

پرویز خٹک کے گھر ہونے والی ملاقات میں بحران کے حل کیلئے مختصر بات چیت ہوئی

ہمارا تو آپ سے رابطہ ہے سنا ہے پی ٹی آئی نے نام تبدیل کر دیئے، سعد رفیق کی اسد قیصر سے گفتگو

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) سابق وفاقی وزیر پرویز خٹک کی رہائش گاہ پر حکومتی اور پی ٹی آئی رہنماؤں کے درمیان غیر رسمی ملاقات ہوئی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق مرکزی صدر پی ٹی آئی چوہدری پرویز الٰہی سابق وفاقی وزیر پرویز خٹک سے اہلیہ کے انتقال پر تعزیت کیلئے ان کے گھر گئے (بقیہ نمبر 27)

عطاء تارڑ بیوقوف نہ بنیں، پنگا نہ لیں: وکیل خواجہ طارق رحیم

میں پیشہ ور وکیل ہوں اور میرے بنیادی حقوق ہیں، یہ واٹس ایپ گفتگو تھی

خواجہ طارق رحیم نے یہ بھی کہا کہ اگر حکومت 3 ممبر بینچ کا فیصلہ نہیں مانتی تو میں کیا کر سکتا ہوں

لاہور (جنرل رپورٹر) وکیل خواجہ طارق رحیم نے کہا ہے کہ عطاء تارڑ بیوقوف نہ بنیں اور پنگا نہ لیں، ان کے دادا کی باتیں بتائیں تو کہیں کے نہیں رہیں گے۔ سابق چیف جسٹس ثاقب نثار کے ساتھ ہونے والی مبینہ گفتگو کے حوالے سے خواجہ طارق رحیم نے 'میڈیا' سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میں پیشہ ور وکیل ہوں اور میرے بنیادی حقوق ہیں، یہ واٹس ایپ گفتگو تھی۔ انہوں نے کہا کہ نجی گفتگو کی ریکارڈنگ افسوس ناک اور جرم ہے، ان 2 خواتین کی گفتگو بھی اس طرح ریکارڈ کرنا جرم ہے۔ خواجہ طارق (بقیہ نمبر 28)

محرم طبقہ کی بحالی حکومت و معاشرے کی مشترکہ ذمہ داری ہے: صوبائی وزیر صحت پنجاب

محرم طبقہ کی بحالی حکومت و معاشرہ کی مشترکہ ذمہ داری ہے خاص طور پر استحصال کا شکار بچوں کا تحفظ وقت کی ضرورت ہے، ڈاکٹر جمال ناصر

چائلڈ پروٹیکشن بیورو کی ٹیم ستائش کی حق دار ہے کیونکہ بیورو افسران و عملہ نے خود کی پہچان کے متلاشی ان بچوں کو اس قابل بنا دیا ہے، لیاقت علی چٹھہ

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) محرم طبقہ کی بحالی حکومت و معاشرہ کی مشترکہ ذمہ داری ہے خاص طور پر استحصال کا شکار بچوں کا تحفظ وقت کی ضرورت ہے ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر صحت پنجاب ڈاکٹر جمال ناصر نے چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو راولپنڈی میں عید کے پہلے روز بیورو کے زیر تحویل (بقیہ نمبر 9)

راولپنڈی: چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو میں عید کے پہلے روز وزیر صحت پنجاب ڈاکٹر جمال ناصر، کمشنر راولپنڈیا لیاقت علی جمدر، ڈپٹی کمشنر حسن وقار چیمہ، ڈسٹرکٹ آفیسر علی عابد نقوری و دیگر بیورو کے زیر تحویل بچوں کے ہمراہ عید کا کیک کاٹ رہے ہیں

5 ماہ کے بچے کو اغواء کرنے کی کوشش ناکام، 8 رکنی خواتین گینگ گرفتار

واقعے کا مقدمہ تھانہ مندرہ میں درج کر لیا گیا ہے جبکہ ملزمان خواتین سے تفتیش کی جا رہی ہے

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) گھر سے 5 ماہ کے شیر خوار بچے کو اغواء کرنے کی کوشش پر 8 رکنی خواتین گینگ کو گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ راولپنڈی میں تھانہ مندرہ کی حدود میں ایک گھر سے (بقیہ نمبر 10)

لاہور: نادان لوگوں کی کوشش ہے ادارے آمنے سامنے آ جائیں: وزیر قانون

کال ریکارڈنگ مجرمانہ فعل ہے: جلیل احمد شرقپوری

چیف جسٹس کی ساس کی کال ریکارڈنگ عدلیہ کو دبانے کی کوشش ہے

لاہور (سٹی رپورٹر) تحریک انصاف کے رہنما میاں جلیل احمد شرقپوری نے کہا ہے کہ کال ریکارڈنگ مجرمانہ فعل ہے۔ لاہور میں جیل روڈ آفس میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے جلیل احمد (بقیہ نمبر 17)

محسن نقوی کی ملتان میں پولیس فائرنگ سے جاں بحق سمیع اللہ اور محمد عثمان کے گھر آمد

محسن نقوی کی دونوں خاندانوں کیلئے مالی امداد اور جاں بحق نوجوانوں کے بھائیوں کو سرکاری ملازمت دینے کا اعلان

یہ قتل ہے، جن پولیس اہلکاروں نے یہ اندوہناک ظلم ڈھایا ہے، انہیں انصاف کے کٹہرے میں لائیں گے، قرار واقعی سزا ملے گی

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) نگران وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی آج ملتان میں پولیس فائرنگ سے جاں بحق نوجوانوں سمیع اللہ کی رہائشگاہ شاہ رکن عالم کالونی اور محمد عثمان کی رہائشگاہ محلہ ڈوگراں گئے اور جاں بحق نوجوانوں سمیع اللہ اور محمد عثمان کے والدین اور اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا اور فاتحہ خوانی کی۔ محسن نقوی نے دونوں خاندانوں کیلئے مالی امداد اور جاں بحق نوجوانوں کے بھائیوں کو سرکاری ملازمت دینے کا اعلان کیا۔ محسن نقوی نے اس موقع پر کہا کہ پولیس اپنے طور پر بھی امداد کی رقم دے گی۔ یہ قتل ہے اور ملزمان کو قرار واقعی سزا ملے گی۔ ایک ملزم گرفتار ہے، آئی جی پنجاب کو ہدایت کر دی ہے کہ اگلے 72 گھنٹے کے اندر اندر دیگر دو ملزمان کو گرفتار کریں۔ ملزمان کو ملازمتوں سے برخاست کر کے قتل کا مقدمہ چلایا جائے گا۔ محسن نقوی نے زخمی (بقیہ نمبر 11)

سپیکر قومی اسمبلی اور ڈپٹی سپیکر کی سی ٹی ڈی تھانہ کبل سوات میں دھماکے کی مذمت

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) سپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف اور ڈپٹی سپیکر زاہد اکرم درانی نے سی ٹی ڈی تھانہ کبل سوات میں دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشتگرد اپنے ناپاک عزائم کے ذریعے قانون نافذ کرنے والے اداروں کے دہشتگردی کے خلاف غیر متزلزل جذبے کو شکست نہیں دے (بقیہ نمبر 16)

پنجاب میں ن لیگ کا ٹکٹ کوئی مفت میں بھی لینے کو تیار نہیں: پرویز الٰہی

پنجاب میں ن لیگ کا ٹکٹ کوئی مفت میں لینے کو بھی تیار نہیں، الیکشن کا بائیکاٹ کر کے ن لیگ اپنا بھرم قائم رکھنا چاہتی ہے

حکومت ایک تاریخ پر الیکشن میں سنجیدہ ہوتی تو قومی اسمبلی توڑنے کا اعلان کرتی، قومی اسمبلی توڑے بغیر مذاکرات کامیاب نہیں ہو سکیں گے

لاہور (نمائندہ خصوصی) مرکزی صدر پاکستان تحریک انصاف چودھری پرویز الٰہی، چودھری وجاہت حسین اور راجہ الٰہی سے مختلف سیاسی رہنماؤں نے ان کی رہائش گاہ پر ملاقات کی۔ ملاقات کرنے والوں میں سابق ضلع ناظم چودھری شفاعت حسین، چودھری محمد الٰہی، چودھری حسن الٰہی، شجاعت (بقیہ نمبر 18)

ملک بھر کے تمام بنک و مالیاتی ادارے عید تعطیلات کے بعد آج سے کھل جائیں گے

فیصل آباد (نیوز رپورٹر) ملک بھر کے تمام بنک و مالیاتی ادارے عید تعطیلات کے بعد (آج بدھ سے) کھل جائیں گے۔ سٹیٹ بینک آف پاکستان کی ہدایت پر ملک بھر میں عید الفطر کی (بقیہ نمبر 20)

شاہد خاقان عباسی کا تمام اسٹیک ہولڈرز پر مذاکرات کا آغاز کرنے پر زور

موجودہ معاشی اور سیاسی بحران میں فوجی آمریت کو اپنی طرف متوجہ کرنے کے تمام طریقہ کار موجود ہیں

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) سابق وزیراعظم اور پاکستان مسلم لیگ ن کے سینئر رہنما شاہد خاقان عباسی نے خبردار کیا ہے کہ موجودہ معاشی اور سیاسی بحران میں فوجی آمریت کو اپنی طرف متوجہ کرنے کے تمام طریقہ کار موجود ہیں۔ انہوں نے ایک انٹرویو میں تمام اسٹیک ہولڈرز پر مذاکرات کا آغاز کرنے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ماضی میں فوج نے بہت کم سنگین حالات میں مداخلت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب سسٹم ناکام ہو جائے یا اداروں میں تصادم ہو اور سیاسی قیادت اس سے باہر آنے کا راستہ (بقیہ نمبر 19)

کشمیری نوجوانوں کو چاہیے کی وہ کشمیر کی واحد ریاستی جماعت مسلم کانفرنس میں شمولیت اختیار کریں

کھوئی رٹہ (خصوصی رپورٹر) سابق امیدوار اسمبلی ممبر مرکزی مجلس عاملہ برطانیہ راجہ رضوان نصیب نے کہا کہ کشمیری نوجوانوں کو چاہیے کی وہ کشمیر کی واحد ریاستی جماعت مسلم کانفرنس میں شمولیت اختیار کریں اور غیر ریاستی جماعتوں کی فرنچیزز کو خیر آباد (بقیہ نمبر 29)

اوورسیز پاکستانیوں سے فنانسنگ پر حکومت غیر سنجیدہ

عمل درآمد شروع کرانے کیلیے عید بعد حکومت سے رابطہ کریں گے، ملک بوستان

کراچی (جنرل رپورٹر) اوپن مارکیٹ کرنسی ڈیلرز اوورسیز پاکستانیوں سے 24 بلین ڈالر کی بلا سود فنانسنگ کا عمل شروع کرنے کے لیے اگلے ہفتے دوبارہ حکومت سے رجوع کریں گے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ایکسچینج کمپنیز ایسوسی ایشن آف پاکستان کے صدر ملک بوستان نے کہا کہ گزشتہ ماہ جب یہ تجویز وزیراعظم شہباز شریف اور وزیر خزانہ اسحاق ڈار کے سامنے رکھی گئی تھی، تو اس وقت انھوں نے اس منصوبے پر عمل کیلیے بڑا جوش دکھایا تھا، میں عید کی چھٹیوں کے بعد وزیراعظم اور وزیر خزانہ دونوں کو خط لکھوں گا (بقیہ نمبر 30)

لاہور: نئی ڈیجیٹل مردم شماری کیلیے فیلڈ آپریشن کل سے دوبارہ شروع ہوگا

رحیم یار خان: کچے میں ڈاکوؤں کیخلاف آپریشن 17 ویں روز بھی جاری

رحیم یار خان (نیوز رپورٹر) رحیم یار خان میں کچے کے علاقے میں پولیس کا ڈاکوؤں کے خلاف آپریشن آج 17 ویں روز بھی جاری ہے۔ پولیس کے مطابق ڈاکوؤں کے دریائی علاقے کچہ لوند میں آپریشن کے دوران 8 ڈاکو گرفتار ہوئے۔ پولیس کی جانب سے ظاہر پیر، ماچھکہ کے نوجوان اور ملتان (بقیہ نمبر 31)

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر روبینہ فیصل

سیاسی جماعتوں میں مذاکرات

عیدالفطر کے موقع پر سیاسی رہنماں کے درمیان کہیں ملاقاتیں اور کہیں ٹیلی فونک رابطے ہوئے، سیاسی صورت حال اور مذاکرات کے حوالے سے گفت وشنید کا سلسلہ جاری رہا۔ سپریم کورٹ نے سیاسی جماعتوں کو انتخابات کے انعقاد کے لئے ایک مشترکہ موقف اپنانے کے لئے 27 اپریل تک کی مہلت دی تھی جس کے بعد سیاسی جماعتوں میں رابطوں میں تیزی آ گئی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے عید کے روز مختلف سیاسی رہنماں پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ) پی ڈی ایم (کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن، سابق صدر آصف علی زرداری، پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو، جماعت اسلامی کے امیر سراج الحق، سردار اختر مینگل، چوہدری شجاعت حسین، ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی، محمود خان اچکزئی، آفتاب شیرپاء، پروفیسر ساجد میر اور شاہ اویس نورانی سے ٹیلی فونک رابطہ کیا اور ملک کی موجودگی سیاسی صورتحال پر گفتگو کی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق مذاکرات کے حوالے سے حکومت کے نامزد نمائندوں کا تحریک انصاف) پی ٹی آئی (سے پہلا رابطہ بھی ہوگیا ہے، سردار ایاز صادق اور خواجہ سعد رفیق نے سابق سپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر سے رابطہ کیا تاہم تحریک انصاف کے رہنما اسد عمر کا کہنا ہے کہ مولانا فضل الرحمٰن کی پریس کانفرنس اور مریم کی ٹویٹ کے بعد ملاقات طے نہ ہوسکی۔ جماعت اسلامی کے امیر سراج الحق پاکستان تحریک انصاف اور پی ڈی ایم کے درمیان مذاکرات کی راہ ہموار کرنے کے لیے کافی سرگرم نظر آئے، انہوں نے جے یو آئی کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن، وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف کے علاوہ مسلم لیگ ق کے سربراہ چوہدری شجاعت حسین سے بھی ٹیلیفون پر بات چیت کی اور ان پر موجودہ حالات میں اپنا کردار ادا کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ امیر جماعت اسلامی نے پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی صدر چوہدری پرویز الٰہی سے بھی ٹیلیفونک گفتگو میں کہا کہ ملک کو مسائل سے نکالنے کے لیے تمام سٹیک ہولڈرز کو کردار ادا کرنا ہوگا۔ سراج الحق نے منصورہ میں پریس کانفرنس بھی کی جس میں انہوں نے کہا کہ صرف پنجاب میں الیکشن ہونے سے خانہ جنگی کا خطرہ ہے اور ساتھ ہی امید بھی ظاہر کی کہ اسٹیبلشمنٹ سیاسی مذاکرات میں قطعی مداخلت نہیں کرے گی۔ وزیر خارجہ چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی) پی پی پی (بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ سازش کرنے والوں کی کوشش ہے کہ صرف پنجاب میں پہلے الیکشن کروایا جائے اگر پنجاب میں انتخابات ہوگئے تو باقی صوبوں پر بھی اس کا اثر پڑے گا، ایک صوبے میں انتخابات کی سوچ مخصوص سیاست ہے۔ نوڈیرو میں عیدملن پارٹی سے خطاب کرتے ہوئے بلاول بھٹو زرداری کا کہنا تھا کہ اداروں میں تقسیم نظر آ رہی ہے، پارلیمان اور عدلیہ دونوں ایک دوسرے کے فیصلے نہیں مان رہے، وہ مخالفین اور اتحادیوں کو مذاکرات پر قائل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، ملک میں معاشی مشکلات ہیں، بحران ہے، عام آدمی کی معاشی صورتحال بد سے بدتر ہوتی جا رہی ہے۔ پی پی پی چیئرمین کا کہنا تھا کہ لڑائی سے جمہوریت، معیشت اور وفاق کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہے، بات چیت کے ذریعے مسائل حل کریں اور ملک کو بڑے نقصان سے بچالیں۔ تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان کا کہنا ہے کہ مذاکرات کے حوالے سے حکمران اتحاد نے ابھی تک کوئی باضابطہ رابطہ نہیں کیا جبکہ تحریک انصاف کے سینئر رہنما شاہ محمود قریشی کا کہنا ہے کہ وہ مذاکرات کے لئے تیار ہیں۔ سپریم کورٹ کی جانب سے دی گئی 27 اپریل کی ڈیڈ لائن قریب آنے کے باوجود اب تک اہل سیاست کی جانب سے کوئی ٹھوس پیشرفت تو سامنے نہیں آ سکی تاہم رابطوں میں تیزی اور دونوں جانب سے موجودہ سیاسی صورت حال پر نئی منصوبہ بندیاں اور ہوم ورک ہوتا ضرور نظر آ رہا ہے۔ وزیراعظم مسلسل اپنے قانونی ماہرین سے رابطوں میں ہیں، انہوں نے اپنی وکلا ٹیم سے الیکشن کیس پر اہم مشاورت کی۔ واضح رہے کہ سپریم کورٹ نے 19 اپریل کو پنجاب میں انتخابات کے حوالے سے اپنے سوموٹو ایکشن کیس میں سیاسی جماعتوں کو یہ آپشن دی تھی کہ اگر وہ الیکشن کی ایک تاریخ پر ایک موقف پر آ جائیں تو عدالت کوئی گنجائش نکال سکتی ہے تاہم مذاکرات کا موقع دینے کا ہرگز مطلب نہیں کہ سپریم کورٹ کا پنجاب میں 14 مئی کو انتخابات کرانے کا حکم ختم ہوگیا۔ کیس کی سماعت کے دوران چیف جسٹس عمر عطا بندیال کا کہنا تھا کہ اگر سیاسی جماعتیں انتخابات کی تاریخ بدلنا چاہتی ہیں تو عدالت ان کے ساتھ ہے، سیاسی جماعتیں مطمئن ہوئیں تو بیول پلیئنگ فیلڈ ملے گی۔ ملک کی موجودہ سیاسی صورت حال میں سپریم کورٹ نے سیاسی قائدین کو ایک سنہری موقع فراہم کیا ہے، اگر اس موقع سے فائدہ اٹھالیا جائے اور اپنے اپنے سیاسی خول سے باہر نکل کر قائدین ملک کے بہتر مفاد میں اناں کی قربانی دیتے ہوئے ایک میز پر بیٹھ جائیں تو شاید قوم کو اس سے بہتر عید کا تحفہ نہ دیا جاسکے گو کہ سیاسی جماعتوں کی جانب سے مذاکرات کے لئے بیانات بھی سامنے آ رہے ہیں اور ملاقاتوں کا سلسلہ بھی دیکھنے میں آ رہا ہے تاہم ابھی تک باضابطہ مذاکرات کا آغاز ہوتا نظر نہیں آیا۔ ان سطور میں بارہا یہ بتایا گیا ہے کہ ملک کے تمام سیاسی، سماجی اور معاشی مسائل کا حل صرف اسی بات میں پنہاں ہے کہ سیاسی قائدین ایک چھت تلے سر جوڑ کر بیٹھیں، پاکستان کو درپیش چیلنجوں کا ادراک کرتے ہوئے مشترکہ قومی موقف اپنائیں، فروعی اختلافات کو پس پشت ڈالتے ہوئے مسائل سے نکلنے کی سعی کریں۔ پی ڈی ایم اور پی ٹی آئی کی سنجیدہ قیادت معاملے کو سلجھانے میں اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، مذاکرات کے لئے اعتماد کی فضا قائم ہونا ازضروری ہے اور اس وقت بظاہر فریقین کے درمیان اعتماد کا فقدان ہی دراصل مذاکرات کی راہ میں ایک بڑی رکاوٹ ہے ورنہ تو انتخابات کی تاریخ کے علاوہ لگ بھگ سب ہی جماعتیں قومی اور صوبائی اسمبلیوں کے انتخابات ایک وقت میں کرانے پر رضامند ہیں۔ بہتر ہوگا کہ تمام سیاسی دھڑوں کی سینئر قیادت سب سے پہلے ایک دوسرے کے خلاف بیانات کی گولہ باری کو روکے، ایک دوسرے پر الزامات اور کیچڑ اچھالنے کی روش ترک کرے، مذاکرات کیلئے سازگار ماحول بنانے میں اپنا اپنا کردار ادا کرے، مخالف کے سیاسی مینڈیٹ کو صدق دل سے تسلیم کرے۔ نیک نیتی کے ساتھ آگے بڑھنے کی کوشش کرے۔

وزیراعظم آزاد کشمیر چوہدری انوارالحق صاحب کا تعارف

دوست پوچھتے ہیں کہ آپ کے حلقے سے جو وزیراعظم آزاد کشمیر بنا ہے۔ کیسا بندہ ہے؟ کس کا بندہ ہے؟ دلیر ہے یا ڈرپوک وغیرہ وغیرہ۔ سوچا چلو جو دوست نہیں جانتے انہیں اپنے وزیراعظم کا تعارف کروا دیا جائے چوہدری انوارالحق آزاد کشمیر

مختار چودھری

کے پہلے بااختیار وزیراعظم بنے ہیں۔ بااختیار اس لیے کہ یہ کسی کا نہیں اپنی مرضی کا بندہ ہے اپنی مرضی سے سوتا ہے اور مرضی سے اٹھتا ہے۔ کسی کو لیڈر ماننا ہے نہ کسی لیڈر کی پرواہ کرتا ہے۔ باقی سب ممبران اور سیاستدان جنرلوں سے ڈرتے ہیں لیکن چوہدری انوارالحق جنرل کو بھی ہاتھ دکھا چکا ہے۔ عوام ڈیرے پر سارا دن انتظار کریں مرضی ہو تو ملے گا ورنہ اپنے آرام میں رہتا ہے۔ اپنے ووٹرز کی سنتا ہے نہ اپنے بڑے بھائیوں کی مانتا ہے)۔ ان کے ایک بھائی جنرل ریٹائرڈ اکرام الحق صاحب کور کمانڈر گوجرانوالہ رہ چکے ہیں (گھر سے باہر نکلے بغیر اپنے پورے حلقے کی پوزیشن کا پورا ادراک رکھتا ہے۔ ایک ایک ووٹ کا پتا ہوتا ہے کہ وہ کس کا ووٹ ہے۔ بھمبر میں بیٹھ کر اسلام آباد کے سیاسی موسم پر پوری نظر رکھتا ہے اور اسلام آباد میں بیٹھ کر حلقے کے حالات سے واقف رہتا ہے۔ انتخابات جیتے یا ہارے اس کے بعد ساڑھے چار سال پھر کسی کو کم ہی منہ لگاتا ہے۔ کیونکہ جانتا ہے کہ جب الیکشن آئے گا کچھ میرے پکے مرید میرے ساتھ ہوں گے اور باقیوں کو فریق مخالف کی نفرت میری طرف کھینچ لائے گی جلسے اور گفتگو سے ملنگ اور اندر سے پورے گنوں سے مزین ایک نڈر اور بے پرواہ شخصیت کا مالک بھمبر کے اپنے زمانے کے بے تاج بادشاہ اور سابق سفیر وزیر چوہدری صحبت علی کے جانشین بیٹے کا نام چوہدری انوارالحق ہے جو ضلع بھمبر سے پہلا وزیراعظم منتخب ہوا ہے۔ ان کی سیاست کا آغاز 2006 میں بیرسٹر سلطان محمود چوہدری کی قیادت میں قائم ہونے والی جماعت پیپلز مسلم لیگ سے ہوا تھا۔ اس وقت ان کے مد مقابل مسلم کانفرنس کی ٹکٹ پر چوہدری طارق فاروق امیدوار تھا جبکہ مسلم کانفرنس کی بڑی شخصیت راجہ ذوالقرنین صاحب پارٹی پالیسی سے ہٹ کر چوہدری انوارالحق کے ساتھ تھے۔ اس طرح انوارالحق صاحب انتخاب جیت کر کچھ عرصہ آزاد کشمیر اسمبلی میں حزب اختلاف کے بینچ پر بیٹھے پھر آزاد کشمیر کی برسر اقتدار جماعت مسلم کانفرنس کو توڑ کر اب مسلم لیگ ن کی پیدائش کروائی گئی اور عدم اعتماد کروا کر نئی حکومت بنی تو انوار صاحب کو پہلے وزارت اور اگلے عدم اعتماد کے بعد اسپیکر اسمبلی منتخب کر لیا گیا تھا۔ لیکن 2011 اور 2016 کے انتخابات الترتیب پیپلز پارٹی کی ٹکٹ پر اور آزاد حیثیت میں لڑ کر ہار گئے تھے۔ اور 2021 کا الیکشن پی ٹی آئی کے ٹکٹ پر بھاری اکثریت سے جیت کر ایک بار پھر اسپیکر کا عہدہ سنبھالا اور اس بار بھی وہ ایسی اسمبلی کا حصہ ہیں جو پونے دو سال کی مدت میں تیسرا وزیراعظم بنوا چکی ہے۔

فیصلہ کن ہفتہ

عیدگزر گئی اب سیاست کی گرم بازاری کا پھر سے آغاز ہو جائے گا۔ یہ ہفتہ ویسے بھی بہت اہم ہے سپریم کورٹ نے 27 اپریل کو ایک بار پھر یہ حکم دے رکھا ہے کہ الیکشن کمیشن کو 21 ارب روپے دیئے جائیں جبکہ سیاسی جماعتوں کو الیکشن کی تاریخ پر کسی متفقہ فیصلے کے لئے بھی یہی تاریخ دے رکھی ہے۔ عید کے دنوں میں تھوڑی بہت سیاسی گرما گرمی تو اس موضوع پر رہی ہے اور یہ خبریں بھی آئیں کہ حکومت نے تحریک انصاف سے رابطہ کیا ہے۔ تاہم خود پی ڈی ایم کے اندر اس حوالے سے چونکہ اتفاق

نسیم شاہد

رائے نہیں اس لئے یہ بیل منڈھے چڑھتی دکھائی نہیں دیتی۔ پی ڈی ایم کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن تو عمران خان کو سرے سے اس قابل ہی نہیں سمجھتے کہ ان سے مذاکرات کئے جائیں تو کہتے ہیں جسے نااہل ہونا چاہئے اس سے مذاکرات کے لئے کہا جا رہا ہے۔ بلاول بھٹو زرداری انہیں منانے کے لئے ڈیرہ اسماعیل خان گئے مگر جب واپس آئے تو ان کے خیالات بھی بدلے ہوئے تھے۔ ادھر سپریم کورٹ نے پنجاب میں 14 مئی کو انتخابات کرانے کے لئے اپنا حکم برقرار رکھا ہوا ہے۔ یہ بھی کہہ دیا ہے کہ حکم واپس لینا کوئی مذاق نہیں۔ یوں دیکھا جائے تو اس ہفتے کوئی نہ کوئی فیصلہ ہو جائے گا۔ انتخابات ہوں گے یا قومی انتخابات کے لئے کسی متعقدہ تاریخ پر اتفاق ہو جائے گا۔ پنجاب میں انتخابات کرانے کا فیصلہ برقرار رہا تو بعض انہونے واقعات بھی ہو سکتے ہیں۔ حکومت اگر یہ حکم نہیں مانتی تو وزیراعظم اور کابینہ کی نااہلی بھی ہو سکتی ہے۔ اس بار یہ بھی ممکن نہیں کہ حکومت قومی اسمبلی سے قرارداد منظور کرا کے رقم دینے سے انکار کر دے، کیونکہ سپریم کورٹ قرار دے چکی ہے کہ اگر کابینہ کا منظور کردہ کوئی فنانس بل قومی اسمبلی سے مسترد ہوتا ہے تو یہ بات عدم اعتماد کے زمرے میں آتی ہے اور اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ وزیراعظم کو اسمبلی کا اعتماد حاصل نہیں اور وہ اپنی اکثریت کھو چکے ہیں۔ سپریم کورٹ نے اپنے حکم میں پچھلی مرتبہ کی قرارداد کو ایک غلطی قرار دے کر صرف نظر کیا تھا مگر اس بار شاید ایسا نہ ہو۔ سپریم کورٹ کے چیف جسٹس عمر عطا بندیال اس کیس کا فیصلہ عید سے پہلے کرنا چاہتے تھے۔ لیکن پھر اٹارنی جنرل اور سیاسی جماعتوں کے وکلا کی استدعا پر انہوں نے عید کے بعد کی تاریخ دے دی۔ 27 اپریل کی ساعت اس کیس کے حتمی فیصلے کی بنیاد بن سکتی ہے۔ حکومت کی نیت اگر ٹھیک ہو اور وہ اپنی آئینی مدت کے بعد انتخابات کرانے پر رضامند ہو جائے تو معاملہ بآسانی نمٹ سکتا ہے۔ مگر مسئلہ یہ ہے کہ حکومتی اتحاد انتخابات کی تاریخ دینے پر آمادہ نہیں ہے۔ چاہے وہ دو سال بعد کی تاریخ ہی کیوں نہ ہو۔ یہی وہ نکتہ ہے جو تحریک انصاف کے لئے پریشانی کا باعث ہے عمران خان بار بار یہی کہتے ہیں کہ حکومت اکتوبر میں بھی انتخابات کرانے کو تیار نہیں اور یہ غیر آئینی طور پر انتخابات کو ملتوی کرنا چاہتے ہیں۔ اگر سپریم کورٹ کے حکم سے کوئی متفقہ تاریخ طے ہو جاتی ہے اور سارے فریق اس پر دستخط کر دیتے ہیں تو اس سے ایک بڑی بے یقینی کا خاتمہ ہو جائے گا۔ لیکن یہ اتنا آسان نہیں ہے کیونکہ حکومتی اتحاد یہ سمجھتا ہے کہ اس نے مشکل حالات میں جو حکومت سنبھالی ہے اس کا دورانیہ کم از کم دو تین سال ہونا چاہئے تاکہ ہم معیشت کو بہتر کر کے انتخابات میں جائیں۔ فی الوقت تو انتخابات میں جانا خودکشی کے مترادف ہے کیونکہ تحریک انصاف کی مقبولیت اندھے کو بھی نظر آ رہی ہے۔ تاہم یہ ایک خواہش ہو سکتی ہے، آئینی طور پر اس کی گنجائش کیسے نکالی جائے، یہ ایک بڑا سوال ہے جس کا جواب خود پی ڈی ایم کے پاس بھی نہیں۔ سپریم کورٹ اس نکتے پر بالکل واضح ہے کہ پنجاب میں انتخابات 90 دنوں میں ہونے چاہئیں اور جب آئینی مدت مکمل ہو جائے تو قومی اسمبلی اور باقی دو صوبوں کے انتخابات بھی منعقد ہوں، اس حوالے سے وہ کسی نظریہ ضرورت کی قائل نظر نہیں آتی۔ پنجاب اور خیبر پختونخوا اسمبلیوں کے انتخابات نہ کرا کے حکومت نے خود کو ایک ایسی صورت حال میں کھڑا کیا ہے جہاں سے نکلنے کا بظاہر کوئی راستہ دکھائی نہیں دے رہا۔ یعنی یہ ممکن نہیں کہ سپریم کورٹ اپنا حکم واپس لے لے اور حکومت کو کھلی چھوٹ دیدے کہ وہ جب اس کی مرضی ہو انتخابات کی تاریخ دے۔ جج صاحبان کو جتنا بھی متنازعہ بنانے کی کوشش کی جائے، آڈیو کالز سامنے لائی جائیں، استعفوں کے مطالبے کئے جائیں۔ اس سے کچھ نہیں ہوگا اصل چیز وہ کیس ہے جو اس وقت سپریم کورٹ میں موجود ہے اور جس میں یا تو عمل ہوگا یا پھر توہین عدالت کی کارروائی ہوگی۔ تیسری صورت وہی ہے کہ سیاسی جماعتیں انتخابات کی کسی تاریخ پر متفق ہو جائیں اور سپریم کورٹ اس تاریخ پر اپنی مہر ثبت کر دے۔ سیاسی عمل کو کسی مصنوعی طریقے سے نہیں روکا جا سکتا۔ اس وقت ملک کے جو حالات ہیں ان میں عوام کی خواہش بھی یہی ہے کہ انتخابات ہونے چاہئیں تاکہ ایک نئی حکومت قائم ہو اور ان کے مسائل حل ہو سکیں۔ یہ مسائل ہٹ دھرمی یا طاقت کے بل بوتے پر حل نہیں ہو سکتے۔ حکومت نے سپریم کورٹ سے محاذ آرائی کر کے ابھی تک کوئی کامیابی حاصل نہیں کی۔ جس فیصلے کو متنازعہ بنانے کی کوشش کی وہ اس وقت بھی ایک حقیقت ہے اور اس پر عملدرآمد نہ کرنے کے سنگین نتائج برآمد ہو سکتے ہیں ملک کی سب سے بڑی عدالت کو دبا میں لانے کی خواہش احمقانہ ہے۔ ایک ادارے کے طور پر اس کا تحفظ کرنا خود جج کی ذمہ داری ہے اگر سپریم کورٹ کے حکم پر بھی عمل نہیں ہوتا پھر ایک انارکی پھیلے گی، جو ملک کے لئے تباہ کن ثابت ہوگی۔ یہ ہفتہ ملکی تاریخ میں بڑی اہمیت کا حامل ہے۔ اگر ہوشمندی سے کام نہ لیا گیا اور فیصلے اپنے مفادات کی بجائے ملکی مفاد میں نہ کئے گئے تو بحران میں مزید اضافہ ہو جائے گا۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ حکومت اور اپوزیشن دونوں لچک کا مظاہرہ کریں۔ انتخابات ایک ناگزیر ضرورت ہیں۔

سپیشلسٹ ڈاکٹروں کی بڑھتی ہوئی فیسیں۔۔۔لمحہ فکریہ

میڈیکل سائنس کے کسی بھی طالب علم سے پوچھا جائے کہ تم ڈاکٹر کیوں بننا چاہتے ہو تو وہ فوراً کہہ دے گا کہ میں دکھی انسانیت کی خدمت کرنا چاہتا ہوں۔ وہ غریب اور پریشان حال جو جیب میں پیسے نہ ہونے کی وجہ سے علاج نہیں کروا سکتے۔ میں ان کی دل جوئی اور علاج کے لئے ہر ممکن کوشش کروں گا۔ مجھے یاد ہے کہ ایک صحافی کسی کام کے سلسلے میں امریکہ گیا تو وہاں اسے کسی بیماری نے پریشان کر دیا تھا، جس شہر میں اس کا قیام تھا اس شہر میں ایک پاکستانی ڈاکٹر کی بہت دھوم تھی۔ وہ صحافی

محمد اسلم لودھی

بھی اس کے کلینک جا پہنچا۔ اس نے کلینک کے عملے کو اپنے تعارف کرواتے ہوئے کہا کہ میں پاکستان سے آیا ہوں اور بیمار ہوں، مجھے آپ کے علاج کی ضرورت ہے۔ صحافی نے جس شخص سے بات کی تھی وہ سنتے ہی ڈاکٹر کے کمرے میں گیا اور انہیں پاکستان سے آنے والے کا تعارف کروایا اور بتایا کہ اسے آپ کی مدد کی ضرورت ہے۔ یہ سنتے ہی پاکستانی ڈاکٹر سب مریضوں کو چھوڑ کر اپنے کمرے سے باہر آیا اور اس پاکستانی صحافی کو ساتھ لے کر اپنے کمرے میں چلا گیا۔ ڈاکٹر نے اسی وقت کھانے کا اہتمام کیا اور کھانے کے بعد پوچھا اب بتائیں آپ کو کیا مسئلہ ہے۔ پاکستانی صحافی، ڈاکٹر کے خوشدلانہ رویے سے بہت متاثر ہوا۔ جب اس کا چیک اپ ہو گیا اور ادویات مفت بھی مل گئیں تو اس نے ڈاکٹر سے اس خوشدلانہ رویے کی وجہ پوچھی تو اس نے بتایا کہ میں جب ڈاکٹر بن رہا تھا تو میرے والد مجھے اکثر کہا کرتے تھے کہ بیٹا جب تم مکمل ڈاکٹر بن جاگے تو کوئی ایسا پاکستانی مریض تمہارے کلینک سے اس لئے واپس نہیں جانا چاہیے کہ اس کی جیب میں تمہاری فیس دینے کے پیسے نہ ہوں۔ جب ڈاکٹر گفتگو کر رہا تھا تو اس کی آنکھوں میں آنسو تھے اس نے مزید بتایا بیٹک یہ بات کہہ کر میرے والد اس دنیا سے رخصت ہو چکے ہیں لیکن آج بھی جب کوئی، مفلوک الحال پاکستانی میرے کلینک پر آتا ہے تو مجھے اپنے سامنے والد کھڑے دکھائی دیتے ہیں اور وہ کہہ رہے ہوتے ہیں کہ بیٹا کوئی پاکستانی مریض پیسے نہ ہونے کی وجہ سے تمہارے کلینک سے واپس نہ چلا جائے۔

ڈاکٹر نے پاکستانی صحافی کو مخاطب کر کے بتایا کہ میں نے آپ کا علاج کر کے اور مفت دوائی دے کر کوئی احسان نہیں کیا بلکہ میں نے اپنے مرحوم والد سے کیا وعدہ پورا کیا ہے۔ یہ تو اس پاکستانی ڈاکٹر کی بات تھی جو امریکہ میں جا بسا اور وہاں کی کمیونٹی میں اپنے خوشدلانہ رویے کی وجہ سے بہت مقبول ہو گیا۔ لیکن مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے پاکستان میں جتنے بھی ڈاکٹر مختلف شعبوں میں سپیشلائز کرتے ہیں۔ وہ انسانیت کی خدمت کو بھول کر صرف اور صرف پیسہ کمانے کی مشین بن جاتے ہیں۔ میں نے ایک گھٹنے کا آپریشن ایک پرائیویٹ ہسپتال سے کروایا تھا اس وقت میں، بنک آف پنجاب میں ملازم تھا۔ آپریشن اور ہسپتال کے اخراجات بنک نے ادا کر دیئے۔ چند سال بعد ایک بار پھر میرے دونوں گھٹنوں میں اتنی شدید تکلیف شروع ہوگئی کہ گھر میں بغیر سہارے کے چلنا پھرنا مشکل ہو گیا تھا تو میں اسی آرتھوپیڈک ڈاکٹر کے پاس گیا جس نے آپریشن کیا تھا۔ اس کے معاون نے پہلے تین ہزار روپے فیس وصول کی جو مجھے اپنی جیب سے ادا کرنی پڑی۔ ڈاکٹر صاحب سے میں نے مزید کہا میرا بائیں گھٹنا بھی چلنے کے قابل نہیں ہے اس کا بھی کچھ کر دیں۔ یہ سنتے ہی ڈاکٹر نے ایک انجکشن لکھ کر اس کی پرچی میرے بیٹے کو تھما دی جو ہسپتال کی فارمیسی سے خرید لایا۔ وہ انجکشن ڈاکٹر نے میرے بائیں گھٹنے میں لگا تو دیا لیکن جب میں کمرے سے باہر نکل رہا تھا تو ڈاکٹر کے معاون نے میرے قریب آ کر کہا مزید دو ہزار روپے کی ادائیگی کر دیں۔ یہ فیس ڈاکٹر صاحب کے انجکشن لگانے کی ہے۔ یہ سن کر میں ہکا بکا رہ گیا کہ بڑے ڈاکٹر کہلانے والے بات کرنے کے بھی پیسے مانگتے ہیں۔ مجبوراً مجھے مزید دو ہزار کی ادائیگی بیٹے سے لے کر کرنی پڑی۔ یہ بھی بتاتا چلوں کہ ریٹائرمنٹ کے بعد مجھے ایک پیسہ بھی پنشن نہیں ملتی اور مزید کوئی ذریعہ نہیں جہاں سے پیسے آنے کی امید رکھی جائے۔ ابھی پچھلے ہفتے کی بات ہے کہ میری داڑھ میں کچھ عجیب سا احساس ہونے لگا تو میں محلے کے ایک ڈینٹسٹ کے پاس چلا گیا۔ ڈاکٹر نے اسی وقت کھانے کا اہتمام کیا اور کھانے کے بعد پوچھا اب بتائیں آپ کو کیا مسئلہ ہے۔ پاکستانی صحافی، ڈاکٹر کے خوشدلانہ رویے سے بہت متاثر ہوا۔ جب اس کا چیک اپ ہو گیا اور ادویات مفت بھی مل گئیں تو اس نے ڈاکٹر سے اس خوشدلانہ رویے کی وجہ پوچھی تو اس نے بتایا کہ میں جب ڈاکٹر بن رہا تھا تو میرے والد مجھے اکثر کہا کرتے تھے کہ بیٹا جب تم مکمل ڈاکٹر بن جاگے تو کوئی ایسا پاکستانی مریض تمہارے کلینک سے اس لئے واپس نہیں جانا چاہیے کہ اس کی جیب میں تمہاری فیس دینے کے پیسے نہ ہوں۔ جب ڈاکٹر گفتگو کر رہا تھا تو اس کی آنکھوں میں آنسو تھے اس نے مزید بتایا بیٹک یہ بات کہہ کر میرے والد اس دنیا سے رخصت ہو چکے ہیں لیکن آج بھی جب کوئی، مفلوک الحال پاکستانی میرے کلینک پر آتا ہے تو مجھے اپنے سامنے والد کھڑے دکھائی دیتے ہیں اور وہ کہہ رہے ہوتے ہیں کہ بیٹا کوئی پاکستانی مریض پیسے نہ ہونے کی وجہ سے تمہارے کلینک سے واپس نہ چلا جائے۔ اس نے میرے داڑھ کا معائنہ کیا اور ایک روئی کا پھاہا دوائی میں ڈبو کر اس جگہ پر رکھ دیا جہاں سے کچھ درد کا احساس ہو رہا تھا۔ میں جیسے ہی گھر پہنچا تو پہلے سے زیادہ درد ہونے لگا بلکہ اس جانب سے چہرہ بھی اچھا خاصا سوجھ گیا۔ دو دن تو پینا ڈول ایکسٹرا کے کام چلایا لیکن جیسے ہی پینا ڈول کا اثر ختم ہوتا ایک بار پھر درد اور تکلیف عروج پر ہوتی۔ میں تین ہزار روپے بیگم سے اس کے ماہانہ اخراجات میں سے لے کر دانتوں کے ایک ڈاکٹر کے پرائیویٹ کلینک جا پہنچا اس نے چیک کر کے ادویات لکھ دیں جب میں واپس آنے لگا تو میں نے ڈاکٹر صاحب سے پوچھا میں آپ کی کیا خدمت کر سکتا ہوں تو اس نے کہا پانچ ہزار روپے دے دیں۔ یہ سنتے ہی میری ہوائیاں اڑ گئیں میں حیرت سے اس کا چہرہ دیکھنے لگا کہ پانچ ہزار اور وہ بھی ایک عمر رسیدہ اور ریٹائر شخص کے پاس کہاں سے آئیں گے۔ یہ سن کر مجھے وہ امریکہ والا پاکستانی ڈاکٹر بہت یاد آیا جس کے باپ نے کہا تھا کہ بیٹا خیال رکھنا تمہارے کلینک سے کوئی غریب پاکستانی تمہاری فیس نہ دینے کی وجہ سے واپس نہ چلا جائے۔ بمشکل وہ ڈاکٹر تین ہزار روپے لینے پر آمادہ ہوا، حالانکہ وہ ایک سرکاری ہسپتال میں ملازم تھا اور اس کو اچھی خاصی تنخواہ بھی ملتی ہوگی، لیکن کسی نے کیا خوب کہا ہے انسان کی ہوس کبھی ختم نہیں ہوتی۔ صرف قبر کی مٹی ہی انسان کا پیٹ بھر سکتی ہے۔ افسوس تو اس بات کا ہے کہ سپیشلسٹ ڈاکٹروں کی بڑھتی ہوئی فیسوں کو کم کرانے کی نہ حکومت کو فرصت ہے اور نہ ایف بی آر کی اس جانب توجہ ہے۔ پنشن بھی صرف سرکاری محکموں سے ریٹائر ہونے والے ملازمین کو ملتی ہے بقیہ 80 فیصد عمر رسیدہ لوگ در بدر ٹھوکریں کھانے کے لئے رہ جاتے ہیں یا اپنی اولاد پر بوجھ بن جاتے ہیں۔ یہ صرف میری کہانی ہے مجھ جیسے لاکھوں عمر رسیدہ لوگ ادویات اور علاج معالجے کے لئے دھکے کھاتے پھر رہے ہیں۔

SHOWBIZ شوبز

بگ باس کے دوران باڈی شیمنگ کا سامنا کرنا پڑا

انہوں نے لوگوں کی تنقید کو سنجیدگی سے لیا، شہناز گل کا انکشاف

ممبئی (شوبز نیوز) بھارتی ریکٹی شو بگ باس 13 سے شہرت حاصل کرنے والی اداکارہ اور گلوکارہ شہناز گل نے انکشاف کیا ہے کہ شو کے دوران انہیں باڈی شیمنگ کا سامنا کرنا پڑا۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق سلمان خان کی فلم کسی کا بھائی کسی کی جان سے بالی ووڈ میں قدم رکھنے والی شہناز گل نے حالیہ انٹرویو میں بتایا ہے کہ کس نے انہیں مجبور کیا کہ وہ شلوار قمیض والی دیسی شہناز گل سے مغربی لباس والی بولڈ شہناز گل کا روپ اختیار کریں۔ کالا شاہ کالا اور ہونسلا رکھ جیسی پنجابی فلموں سے شہرت حاصل کرنے والی شہناز گل نے اپنے حالیہ انٹرویو میں میزبان کے ایک سوال کے جواب میں بتایا۔

عیدالفطر پر پاکستانی شوبز ستاروں کے جلوے

ماہرہ خان، صبا قمر، سونیا حسین، یمنی زیدی نے عید کے موقع پر، نیک خواہشات کا اظہار کیا

لاہور (شوبز نیوز) پاکستانی شوبز انڈسٹری سے تعلق رکھنے والی اداکاراں کی عیدالفطر کی تیاری کے ہر جانب خوب چرچے ہیں، چوڑیاں، جیولری، رنگا رنگ ملبوسات، ہیئر سٹائلز، جوتوں سے لے کر عیدی تک پر ان کے مداحوں نے گہری نظر رکھی ہوئی ہے۔ سوشل میڈیا پر اداکاراں کے نت نئے لکس نے مداحوں کے دل جیتے ہوئے ہیں اور اداکاراں کی بھرپور تیاری اور ان کی مصروفیات سے متعلق پوسٹوں پر صارفین کمنٹس کر کے اپنا اظہار خیال کر رہے ہیں۔ اداکارہ ماہرہ خان، صبا قمر، سونیا حسین، یمنی زیدی نے عید کے موقع پر چاہنے والوں کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ چوڑیاں، جیولری، رنگا رنگ ملبوسات، ہیئر سٹائلز، جوتوں سے لے کر عیدی تک پر ان کے مداحوں نے گہری نظر رکھی ہوئی ہے۔ سوشل میڈیا پر اداکاراں کے نت نئے لکس نے مداحوں کے دل جیتے ہوئے ہیں اور اداکاراں کی بھرپور تیاری اور ان کی مصروفیات سے متعلق پوسٹوں پر صارفین کمنٹس کر کے اپنا اظہار خیال کر رہے ہیں۔ اداکارہ ماہرہ خان، صبا قمر، سونیا حسین، یمنی زیدی نے عید کے موقع پر چاہنے والوں کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

اگر مجھے بولڈ کردار بھی کرنا پڑا تو کروں گی: کبری خان

مجھے بولڈ لڑکی کا کردار کرنا پڑا تو کروں گی، اگر مجھے لڑکا بننا پڑا تو بن جاوں گی

لاہور (شوبز نیوز) پاکستان شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ کبری خان نے کہا ہے کہ اگر مستقبل میں اگر انہیں بولڈ کردار بھی کرنا پڑا تو کریں گی۔ لندن نہیں جاوں گا کی خوبرو ہیروئن کبری خان نے اپنے ایک حالیہ انٹرویو میں اداکاری کی دنیا میں اپنے منتخب کرداروں کے بارے میں بات کرتے ہوئے کہا کہ میرے لئے اداکاری یہ نہیں ہے کہ میں بچی بن کر رہوں ہمیشہ یا چلبلی بن کر رہوں۔ انہوں نے کہا کہ اداکاری کسی بھی طرح کی ہو سکتی ہے اگر مجھے بولڈ لڑکی کا کردار کرنا پڑا تو کروں گی، اگر مجھے لڑکا بننا پڑا تو بن جاوں گی۔

شادی کے بعد 10 سال تک اداکاری نہیں کروں گی: عائشہ عمر

عائشہ ع

بقیہ 1

کی۔ نگران اعلیٰ محسن نقوی نے عافیت میں مقیم سابق کالم نگار اطہر ضمیر سے بھی ملاقات کی، محسن نقوی نے اطہر ضمیر کو ان کے مسائل حل کرانے کی یقین دہانی کرائی۔ بعدازاں محسن نقوی نے بزرگوں کے ڈائننگ روم کا بھی معائنہ کیا، وزیراعلیٰ نے بزرگوں کے کمروں میں پیرے کرانے کی ہدایت کی اور اس ضمن میں صوبائی وزیر اطلاعات عامر میر اور ڈی جی پی آر روبینہ افضل کو موقع پر ہی ہدایات جاری کیں۔ صوبائی وزرا اظفر علی ناصر، عامر میر، ڈپٹی کمشنر لاہور رافعہ حیدر، ڈی جی پی آر اور محکمہ سماجی بہبود کے حکام بھی اس موقع پر موجود تھے۔

بقیہ 2

57 ہزار 853 افراد کی گنتی کی گئی ہے۔

ملک بھر میں اب تک 23 کروڑ 53 لاکھ 88 ہزار افراد کی گنتی ہو چکی ہے، شہر اقتدار اور راولپنڈی سمیت 19 اضلاع میں مردم شماری کا کام تاحال مکمل نہیں ہو سکا، کراچی، حیدرآباد اور کوئٹہ میں بھی مردم شماری کا کام باقی ہے۔ کے پی میں 3 کروڑ 92 لاکھ 43 ہزار سے زائد اور بلوچستان میں ایک کروڑ 92 لاکھ 55 ہزار 648 افراد کو شمار کیا گیا ہے۔ ادارہ شماریات حکام کے مطابق لاہور میں ایک کروڑ 15 لاکھ سے زائد افراد کا شمار کیا گیا، مردم شماری 30 اپریل تک مکمل ہونے کا امکان ہے، عیدالفطر کی تعطیلات کے باعث فیلڈ ورک 5 دن کیلئے روک دیا گیا تھا۔

بقیہ 3

، میری رائٹ ٹو پرائیویسی کو متاثر کیا گیا ہے، میں اسے نہیں مانتا، یہ چوری کا مال ہے، چوری کا مال نہ بک سکتا ہے نہ تشہیر ہو سکتی ہے۔ ثاقب نثار نے مزید کہا کہ میں نے اس میں کیا غلط کیا ہے، کیا میں پروفیشنل نہیں ہوں؟ میں نے اپنی لافرم کھول رکھی ہے، مجھ سے کوئی مشورہ کرے تو مجھ پر مشورہ نہ دینے کا کوئی عذر ہے؟ واضح رہے کہ سوشل میڈیا پر ثاقب نثار اور خواجہ طارق رحیم کی مبینہ آڈیو وائرل ہے جس میں وہ پی ٹی آئی وکیل کی توہین عدالت کی درخواست پر رہنمائی کر رہے ہیں۔

بقیہ 4

کو حل کرنے کی کوشش کریں۔ سابق صدر گجرات چیمبر عنصر محمود گھمن اور صدر فاؤنڈر گروپ اشفاق رضی کی قیادت میں وفد نے سابق وزیراعظم چودھری شجاعت حسین، وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین اور چوہدری شافع حسین سے ملاقات کی۔ وفد میں صدر گجرات چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری سکندر اشفاق رضی، سابق صدر گجرات چیمبر علی عنصر گھمن، چیئرمین فرنیچر ایسوسی ایشن حماد اسلم، ڈاکٹر امین گل شامل تھے۔ گجرات چیمبر کے نمائندہ وفد کی وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین سے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا۔ سکندر اشفاق نے اسلام آباد میں ملاقات کرنے اور گجرات چیمبر کو انڈسٹریل اسٹیٹ 1 اور 2 کے مسائل میں معاونت کے لئے کہا۔ وفد نے چوہدری شجاعت کی قیادت پر بھرپور اعتماد کا اظہار کیا انہیں عید کی مبارکباد بھی دی۔ آنے والے الیکشن میں چوہدری شافع حسین کا بھرپور ساتھ دینے کا بھی اعادہ کیا

بقیہ 5

قیادت اور قانونی ماہرین سے اہم ملاقاتیں ہوئیں، جن میں وفاقی وزیر خواجہ سعد رفیق، سردار ایاز صادق، وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ شامل تھے۔ علاوہ ازیں وزیراعظم کے معاونین خصوصی ملک احمد اور احد چیمہ بھی ملاقات کرنے والوں میں شامل تھے۔ پارٹی ذرائع کے مطابق اٹارنی جنرل منصور عثمان اعوان کی بھی وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات ہوئی ہے۔ شہباز شریف نے اپنے رفقا سے موجودہ ملکی سیاسی و آئینی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا ہے۔

بقیہ 6

مسلم لیگ ن احسن اقبال کا کہنا ہے کہ 2017 میں ن لیگ حکومت کی تبدیلی اور جوڈیشل مارشل لاء کی سازش کا ماسٹر مائنڈ ابھی بھی آرکسٹرا چلا رہا ہے۔ یاد رہے کہ سابق چیف جسٹس ثاقب نثار اور سنئیر وکیل خواجہ طارق رحیم کی ایک اور مبینہ آڈیو سامنے آگئی ہے، لیک آڈیو میں ثاقب نثار خواجہ طارق رحیم کو توہین عدالت کی درخواست پر رہنمائی دے رہے ہیں۔ لیک آڈیو کے مطابق ثاقب نثار نے کہا کہ آپ 2010 کا از خود نوٹس دیکھ لیں، آپ پڑھیں گے تو سمجھ آجائے گا، سیون ممبر بنچ ہے وہ لازمی دیکھ لیں۔ جس پر سنئیر وکیل خواجہ طارق رحیم نے کہا کہ ٹھیک ہے میں پڑھ لوں گا، کلاز تھری میں راستہ دیا ہوا ہے۔ سابق چیف جسٹس ثاقب نثار نے کہا کہ وہی تو آپ کے پاس دے آؤٹ ہے ورنہ تو کیس ہی نہیں بنتا۔ انہوں نے کہا کہ آزاد جموں و کشمیر میں جو ہوا اس کے بعد تو یہ توہین عدالت کا سیدھا کیس ہے۔ قبل ازیں وزیراعظم کے معاون خصوصی ملک احمد خان نے کہا کہ سپریم کورٹ کا اختیار آئین کی تشریح ہے، آئین کی ترمیم کرنا نہیں۔ ملک احمد خان نے ایک بیان میں کہا کہ سپریم کورٹ کی آئین کے آرٹیکل 63 اے کی تشریح نیا آئین لکھنے کے مترادف ہے۔ ملک احمد خان نے مزید کہا کہ سپریم کورٹ نے آئین کی شق 63 اے کی جو تشریح کی وہ آئین سے متصادم ہے، تمام آئینی ماہرین کی یہی رائے ہے لہٰذا سپریم کورٹ کی آئین سے متصادم تشریح کو کالعدم کرنا پارلیمنٹ کا اختیار ہے اور اس حوالے سے جلد پارلیمنٹ کا اجلاس بلانا چاہیے

بقیہ 7

حیات گنڈاپور نے کہا کہ دھماکے میں دہشت گردی کے الزامات میں قید 5 زیر حراست قیدی بھی مارے گئے جبکہ 9 پولیس اہلکار اور 3 عام شہری جاں بحق ہوئے۔ دوسری جانب، سی ٹی ڈی تھانے میں موجود بارودی مواد کو ناکارہ بنا دیا گیا، بارودی مواد کو ناکارہ بنانے سے دھماکوں کی آوازیں دور تک سنی گئیں۔ پولیس کا کہنا ہے کہ لوگ خوفزدہ نہ ہوں کیونکہ بارودی مواد کو ناکارہ بنایا جا رہا ہے۔ کبل سی ٹی ڈی تھانے میں دھماکے کے خلاف لوگ سڑکوں پر نکل آئے اور پولیس سٹیشن کے باہر مظاہرہ کیا جا رہا ہے۔ مظاہرین کا کہنا ہے کہ دھماکے کی تحقیقات کی جائے بدامنی برداشت نہیں کریں گے، دہشت گردی کے واقعے کو غلط رنگ دیا جا رہا ہے۔ مظاہرین نے کبل چوک بلاک کر دیا ہے۔

بقیہ 8

کے ساتھ افواج پاکستان اسے بھرپور جواب دے گی۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے پاک فوج کے ترجمان میجر جنرل احمد شریف چودھری نے کہا ہے کہ رواں سال اب تک 56 مرتبہ بھارت نے سیز فائر کی خلاف ورزیاں کیں، پاکستان نے بھارت کے 6 کواڈ کاپٹرز کو مار گرایا، پاکستان نے ہمیشہ اقوام متحدہ کے مبصر مشن کا خیر مقدم کیا، بھارت کی طرف سے فضائی حدود کی 3 خلاف ورزیاں ہوئیں، اقوام متحدہ مبصر مشن کے 16 دورے کرائے گئے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے مزید کہا کہ بھارتی گیدڑ بھبکیوں سے نہیں ڈرتے، کسی بھی جارحیت کا بھرپور جواب دیا جائے گا، پنجاب میں دہشت گردی کے تین واقعات ہوئے، سکیورٹی فورسز نے 8269 آپریشنز کیے، دہشت گردی کے ناسور سے نمٹنے کیلئے 70 سے زائد آپریشن روزانہ کی بنیاد پر کیے جا رہے ہیں، دہشت گردی کے واقعات میں دہشت گردوں کو بے نقاب کیا گیا ہے۔

بقیہ 9

بچوں کے ہمراہ عید کا کیک کاٹنے کے بعد کیا۔ اس موقعہ پر کمشنر راولپنڈی ڈویژن لیاقت علی چٹھہ نے کہا کہ چائلڈ پروٹیکشن بیورو کی ٹیم ستائش کی حق دار ہے کیونکہ بیورو افسران و عملہ نے خود کی پہچان کے متلاشی ان بچوں کو اس قابل بنا دیا ہے کہ وہ اپنی صلاحیتوں کو نکھار کر خود کی پہچان بنانا چاہتے ہیں اس موقع پر ڈپٹی کمشنر راولپنڈی حسن وقار چیمہ نے کہا کہ معاشرے اور والدین کی عدم توجہی کا ان بچوں کو بھی وہی حقوق حاصل ہیں جو اپنے والدین کے ساتھ گھروں میں زندگی بسر کرنے والے بچوں کو حاصل ہوتے ہیں اس موقع پر ضلعی آفیسر علی عابد نقوی نے شرکا کو چائلڈ پروٹیکشن بیورو کے قیام کے اغراض و مقاصد اور بیورو راولپنڈی کی اب تک کی کارکردگی کے حوالے سے مکمل بریفنگ دی۔ علی عابد نقوی نے مزید بتایا کہ عید کے دوران چیئرپرسن سارہ احمد کی خصوصی ہدایات پر بیورو کی حفاظتی تحویل میں موجود بچے ریفریشمنٹ سٹالز، جمپنگ کیسل، جمپنگ ٹرمپلیٹ، میجک شو اور ان ڈور و آؤٹ گیمز سے لطف اندوز ہوئے

بقیہ 10

5 ماہ کے بچے کو اغواء کرنے کی کوشش کی گئی۔ پولیس کی بروقت کارروائی نے اس کوشش کو ناکام بنا کر 8 رکنی خواتین کے گینگ کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا ہے۔ ایف آئی آر کے مطابق یہ خواتین گھر میں پانی پینے کے بہانے داخل ہوئیں اور بچہ اغواء کرنے کی کوشش کی، جسے فوری کارروائی کر کے ناکام بنا دیا گیا اور 8 خواتین کو گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ واقعے کا مقدمہ تھانہ مندرہ میں درج کر لیا گیا ہے جبکہ ملزمان خواتین سے تفتیش کی جا رہی ہے

بقیہ 11

محمد عرفان کو بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت کی۔ محسن نقوی نے غمزدہ خاندانوں کو ہر قیمت پر انصاف فراہم کرنے کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ جن پولیس اہلکاروں نے یہ اندوہناک ظلم ڈھایا ہے، انہیں انصاف کے کٹہرے میں لائیں گے۔ میں آپ کے پیاروں کو تو واپس نہیں لا سکتا لیکن پنجاب حکومت آپ کو انصاف دلانے کیلئے آخری حد تک جائے گی۔ حکومت پنجاب آپ کے غم میں برابر کی شریک ہے۔ وزیر اطلاعات عامر میر نے کہا کہ اس امر کو یقینی بنائیں کہ جاں بحق نوجوانوں کے لواحقین پر کسی قسم کا دباؤ نہ ڈالا جائے۔ نگران وزیراعلیٰ کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ ایک ملزم محمد بلال کانسٹیبل کو گرفتار کیا جا چکا ہے اور دیگر ملزمان کی گرفتاری کیلئے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔ ایڈیشنل آئی جی جنوبی پنجاب نے واقعہ پر بریفنگ دی۔ صوبائی وزراء عامر میر، ڈاکٹر جاوید اکرم، کمشنر ملتان ڈویژن، سی پی او ملتان، ڈپٹی کمشنر اور ڈی پی او بھی اس موقع پر موجود تھے۔

بقیہ 12

ٹھیک کریں۔ پی ٹی آئی رہنما نے مزید کہا کہ آصف زرداری کے بقول انہوں نے پہلے پی ٹی آئی حکومت اور عمران خان کو چلنا کرنے کی شرط رکھی، پچھلے سال جنوری سے اپریل تک پی ڈی ایم کے قائدین خفیہ ملاقاتوں کے مشن پر لگے ہوئے تھے۔ فیاض الحسن چوہان نے یہ بھی کہا ہے کہ آصف زرداری کی بلاول زرداری کو وزیر اعظم بنانے کی خواہش ایک لاحاصل خواہش ہے

بقیہ 13

کے بنائے گئے قانون پر عدلیہ عمل کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پہلے خیبر پختون خوا اسمبلی تحلیل ہوئی لیکن زور پنجاب پر ہے، یہ چاہتے ہیں کہ پنجاب میں 6 مہینے پہلے انتخابات ہوں۔ خورشید شاہ نے یہ بھی کہا کہ سیاست میں مذاکرات ہونے چاہئیں لیکن دھمکی دے کر مذاکرات نہیں کروائے جا سکتے۔

بقیہ 14

عمرہ ادا کرنے کے بعد عید بھی وہیں منائی۔ واضح رہے کہ مریم نواز 11 اپریل کو اپنی فیملی کے ہمراہ عمرے کی ادائیگی کے لئے سعودی عرب روانہ ہوئی تھیں، مریم نواز کے شوہر محمد صفدر، دونوں بیٹیاں ماہ نور اور مہر النساء، بیٹا جنید اور بہو عائشہ سیف بھی ان کے ہمراہ تھے۔

بقیہ 15

ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے سابق وزیراعظم عمران خان نے کہا کہ ملک میں جاری بحران کا واحد حل فیصلے کیلئے جمہور سے رجوع ہے، دستور پاکستان کی رو سے اقتدار اعلیٰ کا مالک اللہ تعالیٰ، اختیارات کا سرچشمہ عوام ہیں، عوام اپنے اختیار کو صاف شفاف طریقے سے منتخب نمائندوں کے ذریعے بروئے کار لاتے ہیں۔

چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان نے کہا کہ تحریک انصاف کے قیام و اساس کا مقصد ہی ملک میں عدل و انصاف کا قیام، قانون و دستور کی حکمرانی ہے، 1996 سے آج تک تحریک انصاف نے اپنے نصب العین کے حصول کیلئے مکمل طور پر پرامن، جمہوری و آئینی جدوجہد کی ہے، جمہور کے ووٹ کے حق کو غصب کرنے والوں کے ہاتھوں آئین کا قتل روکنے کیلئے میدان عمل میں ہیں۔ عمران خان نے کہا ہے کہ قانون سے بالاتر طبقہ ملک میں فسطائیت و وحشت کی تاریخ رقم کر رہا ہے، چوروں کو قبول کروانے کیلئے قانون اور بنیادی حقوق کی دھجیاں اڑائی جا رہی ہیں، بے گناہ نوجوانوں کے اغوا اور ان پر عقوبت و تشدد کا سفاک سلسلہ جاری ہے، انتخاب میری یا تحریک انصاف کی نہیں، ملک و قوم کی ضرورت ہے، اسمبلیوں کی تحلیل سو فیصد آئینی و جمہوری راستہ ہے۔ سابق وزیراعظم عمران خان نے مزید کہا ہے کہ آئین 90 روز سے تجاوز کی اجازت نہیں دیتا، عدلیہ خصوصاً سپریم کورٹ قوم کی امیدوں کا مرکز ہے، تحریک انصاف کا ہر کارکن اور قوم آئین کی بالادستی کیلئے اپنی عدلیہ کی پشت پر کھڑی ہے، انتخابات کیلئے مکمل یکسو اور تیار ہیں، التوا کی غیر آئینی کوششوں کی بھرپور مزاحمت کریں گے۔

بقیہ 16

سکتے، قانون نافذ کرنے والے اداروں کی ملک میں دہشتگردی کے خلاف پیش کی جانے والی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے۔ منگل کو اپنے تعزیتی پیغام میں سپیکر اور ڈپٹی سپیکر کی دھماکے کے نتیجے میں قانون نافذ کرنے والے اہلکاروں کی قیمتی جانی نقصان پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور متاثرہ خاندانوں کے ساتھ تعزیت کی۔ سپیکر اور ڈپٹی سپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ غم اور دکھ کی مشکل کی گھڑی میں متاثرہ خاندانوں کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں۔

بقیہ 17

شرقپوری نے کہا کہ چیف جسٹس کی ساس کی کال ریکارڈنگ عدلیہ کو دبانے کی کوشش ہے۔ پی ٹی آئی رہنما نے کہا کہ اس حوالے سے عدلیہ ایکشن لے، قومی مفاد کے لیے کسی کی کال ریکارڈ بھی کی جائے تو اسے پبلک کرنا جرم ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی کی کال ریکارڈ کرنا اخلاقی جرم ہے، اس کے مرتکب افراد کو سزا دی جائے۔

بقیہ 18

نواز اجنالہ، شیخ شہکار اسلم، ذوالفقار گھمن، مہر کاشف اور دیگر رہنما شامل تھے۔ چودھری پرویز الٰہی کا گفتگو کرتے ہوئے کہنا تھا کہ سپریم کورٹ کی طرف سے مذاکرات کی مہلت ختم ہونے والی ہے، حکومت مذاکرات کرنے کے بجائے بدستور سپریم کورٹ کے خلاف منظم مہم چلا رہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ حکومت مذاکرات کو تاخیری حربے کے طور پر استعمال کرنا چاہتی ہے لیکن اس مرتبہ شہباز شریف سپریم کورٹ کو چکمہ دینے میں کامیاب نہیں ہو سکیں گے، حکومت ایک تاریخ پر الیکشن میں سنجیدہ ہوتی تو قومی اسمبلی توڑنے کا اعلان کرتی، قومی اسمبلی توڑے بغیر مذاکرات کامیاب نہیں ہو سکیں گے۔ چودھری پرویز الٰہی نے کہا کہ پنجاب میں ن لیگ کا ٹکٹ کوئی مفت میں لینے کو بھی تیار نہیں، الیکشن کا بائیکاٹ کر کے ن لیگ اپنا بھرم قائم رکھنا چاہتی ہے، ن لیگ کی طرف سے بائیکاٹ کی باتیں اعتراف شکست ہیں، انشاء اللہ پنجاب میں تحریک انصاف کی جیت اور اس کی حکومت اب نوشتہ دیوار ہے۔

بقیہ 19

نہ نکال سکے تو ایسی صورتحال میں ہمیشہ مارشل لا کا امکان رہتا ہے۔ شاہد خاقان عباسی نے ماضی کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ اسی طرح کے حالات میں پاکستان بہت ہی طویل مارشل لا ادوار میں رہا ہے، درحقیقت میں یہ کہوں گا کہ پاکستان نے اس سے قبل اتنے سنگین معاشی اور سیاسی حالات کا سامنا نہیں کیا اور بہت کم سنگین حالات میں فوج نے اقتدار پر کنٹرول کیا ہے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر معاشرے اور اداروں کے اندر تناؤ مزید بڑھا تو انارکی پیدا ہوگی اور ایسی صورت حال میں فوج کی طرف سے بھی قدم بڑھایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسا بہت سے ممالک میں ہو چکا ہے اور جب سیاسی اور آئینی نظام ناکام ہو جائے تو ماورائے آئین اقدامات رونما ہوتے ہیں۔ سابق وزیراعظم نے توقع ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ فوج مارشل لا نافذ کرنے پر غور نہیں کر رہی، مجھے نہیں لگتا کہ (فوج) اس پر غور کر رہی ہے تاہم جب کوئی راستہ نہیں رہتا تو پھر پرانا جملہ میرے عزیز ہم وطنو سنا جاتا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ اگر فوجی آمریت آئی تو پھر اس سے چیزیں بہتر ہونے کے بجائے مزید خراب ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ آگے بڑھنے کا واحد راستہ سیاسی موجودگی ہے

بقیہ 20

تعطیلات کے لیے بینک اور مالیاتی ادارے 21 سے 25 اپریل تک بند رہے جبکہ عید تعطیلات کے بعد تمام شیڈولڈ بنک و مالیاتی ادارے بدھ سے معمول کے مطابق کھل جائیں گے

بقیہ 21

گھر پر جانے والے اہلکاروں کو واپس بلا لیا گیا پشاور میں پولیس اہلکاروں کی چھٹیاں منسوخ کر دی گئیں، پشاور میں داخلی اور خارجی راستوں پر ناکہ بندی اور چیکنگ بڑھا دی گئی جبکہ شہری اور دیہی علاقوں میں پولیس الرٹ اور بغیر نمبر پلیٹ نمبر موٹر سائیکلوں کے خلاف کریک ڈاؤن شروع کر دیا گیا کالی شیشے والی گاڑیوں اور بغیر نمبر پلیٹ کے خلاف کاروائیاں جاری ہیں۔

بقیہ 22

اکاؤنٹ نہیں ہے، جعلی اکاؤنٹ چلانے والوں کے خلاف ایف آئی اے کو کارروائی کی ہدایت کر دی گئی ہے۔ ترجمان کا کہنا تھا کہ ایف آئی اے ایسے جعلی ناموں کی آئی ڈیز اور پیجز بلاک کرے۔

بقیہ 23

اجلاس میں شرکت کریں گے، اسپیکر کے حکم کی معطلی کے بعد بطور رکن اجلاس میں شرکت کا حق رکھتے ہیں۔ قبل ازیں سابق اسپیکر قومی اسمبلی اور رہنما پی ٹی آئی کا کہنا تھا کہ ہم سنجیدہ ہیں اور آئین کے مطابق معاملات حل کرنا چاہتے ہیں، افراتفری کا واحد حل انتخابات ہیں۔ سیاسی کشیدگی کم کرنے اور معاملات آگے بڑھانے کا سپریم کورٹ نے اچھا موقع دیا ہے، ن لیگ بندوق کی نوک پر سپریم کورٹ سے فیصلہ کرانا چاہتی ہے۔ ہم سپریم کورٹ کا ہر فیصلہ ماننے کیلئے تیار ہیں۔ جبکہ چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان نے کہا کہ مذاکرات کی آڑ میں حکومت الیکشن میں تاخیری حربے استعمال کرے گی۔ اسد قیصر کو بات کرنے کا مینڈیٹ نہیں دیا، شاہ محمود قریشی بات کریں گے، ان سے ابھی تک کسی نے رابطہ نہیں کیا۔ انہوں نے کہا مسلم لیگ بالکل ٹوٹ چکی ہے، ان کی تاریخ ہے یہ لوگوں کو خریدتے ہیں یا بلیک میل کرتے ہیں۔ آڈیو ریکارڈ کرتے ہیں اور پھر انہیں بلیک کرتے ہیں۔ یہ لوگ مسلسل عدلیہ پر دباؤ ڈالنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ مریم نواز کہتی ہیں میں نے ویڈیوز بنائی ہوئی ہیں۔ آڈیو ریکارڈنگ بنیادی انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہے۔ عمران خان کا کہنا تھا کہ میری صدر مملکت عارف علوی کے ساتھ جنرل باجوہ سے ملاقات ہوئی تھی، جس میں جنرل باجوہ نے مجھے کہا کہ اگر آپ الیکشن چاہتے ہیں تو اپنی حکومت گرا دیں، جس پر ہم نے اپنی حکومت گرا دی۔

بقیہ 24

کے مطابق ریسکیو 1122 ڈیرہ اسماعیل خان نے ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر اویس بابر کی قیادت میں کل 68 حادثات پر بروقت اور فوری رسپانس کرتے ہوئے 67 مریضوں کو موقع پر ابتدائی طبی امداد مہیا کر کے ہسپتال منتقل کیا، عیدالفطر کے دنوں میں روڈ پر ہونے والے حادثات کی تعداد 30، میڈیکل ایمرجنسیوں کی تعداد 32، آگ لگنے کے 02 واقعات اور مختلف نوعیت کے 03 واقعات پیش آئے۔ عید کے دنوں ریسکیو 1122 اہلکار مکمل الرٹ رہے اور عوام کو بروقت، فوری اور بینالاقوامی میعار کی سہولیات انکی دہلیز پر مہیا کرتے رہے

بقیہ 25

قیادت اور قانونی ماہرین سے اہم ملاقاتیں ہوئیں، جن میں وفاقی وزیر خواجہ سعد رفیق، سردار ایاز صادق، وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ شامل تھے۔ علاوہ ازیں وزیراعظم کے معاونین خصوصی ملک احمد اور احد چیمہ بھی ملاقات کرنے والوں میں شامل تھے۔ پارٹی ذرائع کے مطابق اٹارنی جنرل منصور عثمان اعوان کی بھی وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات ہوئی ہے۔ شہباز شریف نے اپنے رفقا سے موجودہ ملکی سیاسی و آئینی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا ہے۔

بقیہ 26

تین شفٹ میں دن رات کام کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ روزانہ ورک پروگریس کی ٹائم لائن بنا کر کمشنر آفس جمع کرائی جائے۔ کمشنر ملتان کو مکمل اختیار ہے کہ وہ کام نا کرنے والوں کیخلاف بلاتفریق کارروائی کریں۔ بارڈر کلچر کا کام بھی ساتھ ساتھ شروع کیا جائے۔ ایل سی کا ایشو حل کرا لیا ہے۔ منصوبے کی تکمیل میں تاخیر ہرگز برداشت نہیں۔ نشتر ٹو کی تکمیل سے نشتر ہسپتال پر بوجھ کم ہوگا۔ کمشنر ملتان عامر خٹک نے بریفنگ میں بتایا کہ سول ورک کیساتھ مشینری خریداری کا ٹینڈرنگ عمل مکمل کیا جا چکا ہے۔ حکومت پنجاب کی جانب سے 9 ارب 45 کروڑ روپے جاری کئے جا چکے ہیں۔

بقیہ 27

۔ اس موقع پر حکومت اور اپوزیشن رہنماؤں کے درمیان غیر رسمی ملاقات بھی ہوئی۔ چوہدری پرویز الٰہی سے ایاز صادق اور خواجہ سعد رفیق کا آمنا سامنا ہوگیا، سعد رفیق اور پرویز الٰہی نے مصافحہ کیا جبکہ ایاز صادق بھی سابق وزیراعلیٰ پنجاب کے گلے ملے۔ پرویز الٰہی اور ایاز صادق نے سرگوشی میں بات کی اور بحران کے حل کیلئے مختصر تبادلہ خیال کیا۔ حکومتی اور اپوزیشن رہنماؤں نے غیر رسمی گفتگو میں کہا کہ بحران کا حل نکلنا چاہیے۔ سعد رفیق نے اسد قیصر سے گفتگو میں کہا کہ ہمارا تو آپ سے رابطہ ہے، سنا ہے پی ٹی آئی نے نام تبدیل کر دیئے۔ چوہدری پرویز الٰہی نے کہا کہ نگران حکومت کی مدت ختم ہوگئی، پنجاب اور کے پی سے متعلق درخواستیں دائر کر دی ہیں، تمام جماعتیں سپریم کورٹ کے احترام میں قائم رہیں تاکہ ایک ہی اکٹھے الیکشن ہو سکیں۔ سیاسی رہنماؤں نے کہا کہ نگران حکومت کی مدت ختم ہونے پر نیا بحران پیدا ہو گیا ہے۔ دوسری جانب حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات میں بریک تھرو کے امکانات کم ہو گئے، مسلم لیگ ن کے قائد نواز شریف اور مولانا فضل الرحمان نے عدلیہ کے خلاف اقدام کی پارلیمنٹ سے منظوری لینے کی تجویز دے دی۔ نواز شریف اور مولانا فضل الرحمان اپنے موقف کے لیے انتہائی قدم اٹھانے کو بھی تیار ہیں جبکہ پی ڈی ایم کے کچھ رہنما احتیاط اور درمیانی راستے کے داعی ہیں۔ ذرائع کے مطابق ن لیگ کی جانب سے پیپلز پارٹی کو اپنے مؤقف پر راضی کرنے کی کوششیں جاری ہیں تاہم حتمی فیصلہ کل تمام جماعتوں سے مشاورت کے بعد ہوگا۔

بقیہ 28

رحیم نے کہا کہ اگر وزیر قانون اور اٹارنی جنرل کو قانون نہیں آتا تو میرا قصور نہیں، بندیال صاحب کے سسر اظہر نون صاحب سے ہمارا 70 سال سے تعلق ہے انہوں نے کہا کہ جن وزراء نے پریس کانفرنس کی ان کی صلاحیتوں کا علم ہے، میں نے جواب میں پریس کانفرنس کی تو یہ وزیر کہیں کے نہیں رہیں گے۔ خواجہ طارق رحیم نے یہ بھی کہا کہ اگر حکومت 3 ممبر بینچ کا فیصلہ نہیں مانتی تو میں کیا کر سکتا ہوں۔

بقیہ 29

کہیں آزاد کشمیر کی عوام کا مستقبل ریاست کشمیر سے جڑا ہے اور اس وقت صرف ایک واحد جماعت مسلم کانفرنس ہی ریاستی جماعت ہے جس کی لیڈرشپ با اعتماد ہونے کے ساتھ ساتھ باکردار بھی ہے آزاد کشمیر کے ہر فرد کو چاہیے کی وہ مسلم کانفرنس میں شمولیت اختیار کرے اور اپنی عزت نفس کو بچائے غیر ریاستی جماعتوں کا صرف ایک ہی مقصد ہے اور وہ ہے تقسیم کشمیر ہے جو ہم کبھی پورا ہونے نہیں دیں گے آزادی کشمیریوں کا حق ہے اور پورا کشمیر آزاد ہونے کے بعد ریاست کشمیر کے باشندے الحاق پاکستان کا فیصلہ کریں گے ان خیالات کا اظہار سابق امیدوار اسمبلی و ممبر مرکزی مجلس عاملہ برطانیہ راجہ رضوان نصیب نے اپنے اخباری بیان میں کیا انھوں نے کہا کہ مسلم کانفرنس کو ہر دور میں مٹانے کی سازش کی گئی لیکن مسلم کانفرنس کو مٹانے والے خود تو مٹ گئے مسلم کانفرنس آج بھی عوام کے دلوں میں زندہ ہے اور کشمیر کا ہر دل ریاستی جماعت کے ساتھ دھڑکتا ہے وہ وقت دور نہیں جب صبح کے بھولے سب لوگ شام کو اپنے گھر آجائیں گے اور مسلم کانفرنس اقتدار میں آکر تعمیر و ترقی کا ایک نیا دور شروع کرے گی۔

بقیہ 30

۔ ایسوسی ایشن کے جنرل سیکریٹری ظفر پراچہ نے اس حوالے سے کہا کہ پاکستان تیزی سے دیوالیہ ہونے کی جانب سفر کر رہا ہے، اگر حکومت اس منصوبے کو مفید خیال کرتی ہے، تو حکومت کو اس پر فوری عمل کرنا چاہیے، اس سلسلے میں تاخیر ملکی معیشت کے لیے مشکلات کھڑی کرے گی۔ انھوں نے مزید کہا کہ ہم سمجھتے ہیں کہ حکومت اور اپوزیشن کی لڑائی کی وجہ سے حکومت کو اس منصوبے پر عملدرآمد کے لیے وقت نہیں مل پا رہا ہے۔ انھوں نے زور دیتے ہوئے کہا کہ یہ منصوبہ پلان بی نہیں کہ آئی ایم ایف ڈیل نہ ملنے کی صورت میں اس پر عمل کیا جائے، بلکہ اس منصوبے پر عمل کے لیے آئی ایم ایف کو بھی آن بورڈ لینا ہوگا، اور دونوں منصوبوں کو ایک ساتھ چلانا ہوگا۔ ظفر پراچہ نے کہا کہ یہ اتنا آسان کام نہیں ہے، ہم اپنے تخمینہ ایک ارب ڈالر کے بجائے ماہانہ بنیادوں پر پانچ سو ملین ڈالر ہی حاصل کر سکتے ہیں، اس لیے حکومت کو چاہیے کہ جلد از جلد اس منصوبے کو چلائے۔ انھوں نے کہا کہ فنانسنگ اینڈ منی لانڈرنگ سے متعلق فیٹیف کے بنیادی قواعد وضوابط کے مطابق کی جائے گی۔ ملک بوستان نے مزید کہا کہ یہ پہلا موقع نہیں ہے کہ ایسچینج کمپنیاں ڈالر کی قلت کا شکار ملک کے لیے فنانسنگ کا بندوبست کریں گی، اس سے قبل 1998 میں جب عالمی پابندیوں کے نتیجے میں پاکستان شدید مالی بحران کا شکار تھا، تو اس وقت بھی ہم نے 10 بلین ڈالر کی فنانسنگ اسی طرح کی تھی۔ انھوں نے کہا کہ حکومت یہ پالیسی منظور کرے، بیرون ملک مقیم پاکستانی بڑی تعداد میں اپنے وطن کی مدد کرنا چاہتے ہیں۔ واضح رہے کہ پاکستان کے فارن ایسچینج ریزرو 4.03 بلین ڈالر کی خطرناک حد تک کم ہیں، اور پاکستان کو 30 جون 2023 تک 4.5 بلین ڈالر کے قرض ادا کرنے ہیں۔ اس صورتحال سے نمٹنے کے لیے حکومت نے امپورٹس پر سخت پابندیاں عائد کی ہوئی ہیں، جس کی وجہ سے بڑی تعداد میں فیکٹریاں بند ہو چکی ہیں اور ایک اندازے کے مطابق پانچ ملین سے زائد افراد بیروزگار ہو چکے ہیں۔ ملک میں جاری سیاسی ہلچل کی وجہ سے حکومت اور سینئر پاکستانیوں سے فنانسنگ کے لیے پالیسی بنانے کی طرف توجہ نہیں دے پا رہی، مجوزہ منصوبے کے تحت حکومت اور سینئر پاکستانیوں سے پانچ سال کی مدت کے لیے ماہانہ بنیادوں پر ایک ارب ڈالر اگلے چوبیس ماہ تک حاصل کرنے کا ارادہ رکھتی ہے

بقیہ 31

کے تاجروں سمیت 6 متوفی تاحال بازیاب نہیں کروائے جا سکے ہیں۔

بقیہ 32

14/15 سال قبل اپنے نواز و شہباز شریف کے ساتھ 2 گلے مجھ سے بیان کیے جو سراسر بے بنیاد ہیں، میں میڈیا پہ حقیقت بیان کر سکتا ہوں۔ انہوں نے سابق چیف جسٹس کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ آپ نے نواز شریف سے بدلہ لے لیا، اس کو سزا سنائی، اب تھتی دیر اور اس زہر کو پالتے رہیں گے۔

بقیہ 33

نے بھی ایک ٹویٹ میں کہا تھا کہ آج سے انشاءاللہ پنجاب کے تمام حلقوں میں تحریک انصاف الیکشن مہم کا باقاعدہ آغاز کر دے گی، یہ تیار ہوں نہ ہوں، ہم تیار ہیں۔ یاد رہے کہ سپریم کورٹ نے 14 مئی کو پنجاب میں عام انتخابات کے انعقاد کا حکم دے رکھا ہے۔

بقیہ 34

پشن میں مہنگائی کے تناسب سے ممکن نہیں تو مہنگائی کی شرح سے کم از کم پچاس فیصد اضافہ کرنے پر مشاورت کریں گے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق موجودہ اسمبلیوں کی معیاد اگست 2023 کے وسط میں ختم ہونے والی ہے اس لیے حکومت وفاقی بجٹ

ثاقب نثار صاحب آپ نواز شریف دشمنی میں بہت دور چلے گئے ہیں، خواجہ آصف

آپ نے 14/15 سال قبل اپنے نواز و شہباز شریف کے ساتھ 2 گلے مجھ سے بیان کیے جو سراسر بے بنیاد ہیں

سابق چیف جسٹس کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ آپ نے نواز شریف سے بدلہ لے لیا، اس کو سزا سنائی، اب کتنی دیر اور اس زہر کو پالتے رہیں گے

اسلام آباد (خبرنگار) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ ثاقب نثار صاحب! آپ نواز شریف دشمنی میں بہت دور چلے گئے ہیں۔ سابق چیف جسٹس ثاقب نثار اور وکیل خواجہ طارق رحیم سے متعلق مبینہ آڈیو لیک کے حوالے سے ٹوئٹر پر جاری اپنے بیان میں وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ میاں ثاقب صاحب! آپ کی آڈیو سنی، بہت دکھ ہوا، آپ نواز شریف دشمنی میں بہت دور چلے گئے۔ خواجہ آصف کا مزید کہنا تھا کہ آپ نے 14/15 سال قبل اپنے نواز و شہباز شریف کے ساتھ 2 گلے مجھ سے بیان کیے جو سراسر بے بنیاد ہیں، میں میڈیا پہ حقیقت بیان کر سکتا ہوں۔ انہوں نے سابق چیف جسٹس کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ آپ نے نواز شریف سے بدلہ لے لیا، اس کو سزا سنائی، اب کتنی دیر اور اس زہر کو پالتے رہیں گے۔ خواجہ آصف کا مزید کہنا تھا کہ آپ نے (بقیہ نمبر 32)

لاہور: پی ٹی آئی کا آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں اپوزیشن کی نشستوں پر بیٹھنے کا فیصلہ

تحریک انصاف آج پنجاب سے بلدیاتی الیکشن مہم کا آغاز کرے گی

پی ٹی آئی کے 27ویں یوم تاسیس کے موقع پر انتخابی مہم کا آغاز آج ہوگا، عمران خان شام 5 بجے الیکشن مہم کا آغاز کریں گے

اسد عمر نے بھی ایک ٹویٹ میں کہا تھا کہ آج سے انشاءاللہ پنجاب کے تمام حلقوں میں تحریک انصاف الیکشن مہم کا باقاعدہ آغاز کردے گی

لاہور (اسپیشل رپورٹر) پنجاب میں انتخابات کے سلسلے میں پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) آج سے الیکشن مہم شروع کرے گی، سابق وزیراعظم عمران خان الیکشن مہم کا آغاز کریں گے۔ پی ٹی آئی کے 27 ویں یوم تاسیس کے موقع پر انتخابی مہم کا آغاز آج ہوگا، عمران خان شام 5 بجے الیکشن مہم کا آغاز کریں گے، چیئرمین پی ٹی آئی ویڈیو لنک پر کارکنوں سے بھی خطاب کریں گے، اس حوالے سے لبرٹی چوک پر بڑی سکرین بھی لگائی جائے گی۔ پارٹی چیئرمین عمران خان کے ترجمان اظہر مشوانی نے گزشتہ روز اپنے ٹویٹ میں لکھا تھا کہ 25 اپریل کو پارٹی کے 27ویں یوم تاسیس کے دن پنجاب میں الیکشن کمپین کا باضابطہ آغاز کیا جائے گا، صوبائی اسمبلی کے تمام ٹکٹ ہولڈرز اپنے اپنے حلقے میں ریلیاں نکالیں گے۔ اس حوالے سے پی ٹی آئی کے سیکرٹری جنرل اسد عمر (بقیہ نمبر 33)

اسلام آباد: ثاقب نثار صاحب آپ نواز شریف دشمنی میں بہت دور چلے گئے ہیں: خواجہ آصف

راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی نے عیدالفطر کیلئے صفائی پلان کو کامیابی سے مکمل کرلیا

کمشنر راولپنڈی لیاقت علی چٹھہ کی خصوصی ہدایت

راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی نے عیدالفطر کیلئے صفائی پلان کو کامیابی سے مکمل کرلیا

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) کمشنر راولپنڈی لیاقت علی چٹھہ کی خصوصی ہدایت پر راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی نے عیدالفطر کیلئے صفائی پلان کو کامیابی سے مکمل کرلیا۔ چاند رات اور عید کے تینوں دن شہر کی صفائی کیلئے ورکرز خصوصی ڈیوٹی پر مختلف شفٹوں میں ہمہ وقت موجود رہے۔ عیدگاہوں، مساجد، امام بارگاہوں اور قبرستانوں کے اطراف میں خصوصی صفائی کی اور چونا پھیکا۔ عید صفائی آپریشن میں 3100 کے قریب ورکرز و دیگر سٹاف نے حصہ لیا۔ کمشنر راولپنڈی لیاقت علی چٹھہ کی خصوصی ہدایت پر سی ای (بقیہ نمبر 36)

سی سی پی او بلال صدیق کمیانہ نے عید کا دن اپنی سپاہ کے ساتھ گذارا

پولیس لائنز قلعہ گجر سنگھ میں پولیس افسران اور اہلکاروں سے ملاقات، عید ملی

میرے جوان میری اصل طاقت ہیں، ہماری جانیں ملک و قوم کی امانت ہیں

لاہور (خصوصی رپورٹر) سی سی پی او لاہور ایڈیشنل آئی جی بلال صدیق کمیانہ نے عیدالفطر کا دن اپنی سپاہ کے ساتھ گذارا۔ ڈی آئی جی آپریشنز افضال احمد کوثر، سی ٹی او لاہور مستنصر فیروز، ایس ایس پی سی آئی اے کیپٹن (ر) لیاقت علی ملک دیگر سینئر پولیس افسران ان کے ہمراہ تھے۔ سربراہ لاہور پولیس بلال صدیق کمیانہ نے پولیس لائنز قلعہ گجر سنگھ دورہ کے نماز عید کی ادائیگی کے بعد افسران اور اہلکاروں سے عید ملی۔ سربراہ لاہور پولیس بلال صدیق کمیانہ سپاہ کے ساتھ گھل مل گئے، ان کے ساتھ (بقیہ نمبر 35)

سرکاری ملازمین کی تنخواہ اور پنشن میں بڑے اضافے کا امکان

آئندہ بجٹ میں محدود وسائل کے باوجود سول و عسکری ملازمین کی تنخواہوں اور پنشن میں 15 سے 30 فیصد تک اضافے کی تجویز شامل کی جائے گی

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) آئندہ بجٹ میں محدود وسائل کے باوجود سول و عسکری ملازمین کی تنخواہوں اور پنشن میں 15 سے 30 فیصد تک اضافے کی تجویز شامل کیے جانے کا امکان ہے۔ میڈیا کے مطابق وزیراعظم نے کابینہ کا اجلاس طلب کیا ہے اس میں ملک میں اشیاء کی بڑھتی ہوئی قیمتوں اور ان کے عوام پر پڑنے والے اثرات بالعموم اور تنخواہ دار طبقہ چاہے وہ سویلین ہو یا ملٹری ان کے اخراجات زندگی پر ہونے والے اضافے کو ملحوظ خاطر رکھ کر وزیراعظم وفاقی بجٹ میں ملازمین کی تنخواہوں اور (بقیہ نمبر 34)

گوادر کے سمندر میں طغیانی کا خدشہ، ماہی گیروں کے لئے الرٹ جاری

کوئٹہ (جنرل رپورٹر) بلوچستان کے بیشتر علاقوں میں موسم خشک اور جزوی ابر آلود رہے گا جبکہ گرد آلود ہوائیں چلنے کے علاوہ تربت، جیوانی اور گوادر میں گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے جبکہ گوادر کے سمندر میں طغیانی کے خدشے کے پیش نظر ماہی گروں کے لئے الرٹ جاری کردیا گیا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق کوئٹہ میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت (بقیہ نمبر 41)

دریائے سندھ میں ڈوبنے والے 3 نوجوان تاحال نہ مل سکے

ریسکیو اداروں کی جانب سے ڈوبنے والے نوجوانوں کو تلاش کرنے کا سلسلہ تاحال جاری ہے

کراچی (جنرل رپورٹر) عید کے تیسرے دن دریائے سندھ میں ڈوبنے والے سوجھنڈا گاؤں کے 3 نوجوانوں کو تاحال تلاش نہیں کیا جا سکا۔ اٹک کے نوجوان سوجھنڈا کے مقام پر دریا کنارے پکنک منانے آئے تھے، جن میں سے محمد تنویر کی عمر 17 سال، زاہد خان کی عمر 16 سال اور محمد کاشف کی عمر 13 سال تھی۔ ایک نوجوان دریا کنارے وضو کرنے گیا کہ پاؤں پھسلنے سے پانی میں جا گرا، بڑے بھائی کو بچانے کے لیے 2 نوجوانوں نے بھی دریا میں چھلانگ لگا دی۔ ڈوبنے والوں میں 2 سگے (بقیہ نمبر 42)

راولپنڈی: عید منانے جانیوالوں کے گھروں میں چوریاں

اپنے آبائی علاقوں کو جانے والوں کے گھروں میں چوری کی متعدد وارداتیں

راولپنڈی، گلزارِ قائد میں گھر سے 15 تولے سونا اور قیمتی گھڑیاں چوری کر لی گئیں

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی میں میٹھی عید کے موقع پر چوری، لوٹ مار اور سرِ عام اسلحے کے زور پر موبائل اور قیمتی اشیاء چھیننے کی متعدد وارداتیں سامنے آئی ہیں۔ عید کے موقع پر اپنے آبائی علاقوں کو جانے والوں کے گھروں میں چوری کی متعدد وارداتیں رپورٹ ہوئیں ہیں۔ راولپنڈی کے تھانہ ایئرپورٹ کے علاقے گلزارِ قائد میں گھر سے 15 تولے سونا اور قیمتی گھڑیاں چوری کر لی گئیں۔ دوسری جانب تھانہ صدر بیرونی کے علاقے اڈیالہ روڈ پر گھر سے سونا، نقدی اور دیگر سامان چوری کرلیا گیا۔ اسی طرح مکھال چوک میں چاندرات کو دکان میں ڈکیتی کی سی سی ٹی وی فوٹیج منظرِ عام پر آ گئی ہے۔ فوٹیج میں مسلح ڈاکوؤں کو موٹر سائیکل ورکشاپ میں ڈکیتی کرتے دیکھا جا سکتا ہے۔ رپورٹس کے مطابق ڈاکو 60 ہزار روپے نقدی لوٹ کر فرار ہوگئے تھے۔ تھانہ نصیر آباد کے علاقے نیو چاکرہ روڈ پر چور عید کے دن گھر کے تالے توڑ کر 10 تولے سونے کے زیورات اور نقدی لے گئے۔ واقعے کی سی سی ٹی وی فوٹیج میں ملزمان کو (بقیہ نمبر 40)

ٹکٹوں کی تقسیم کے بعد فیصل آباد میں پی ٹی آئی دھڑے بندیوں کا شکار ہوگئی

فیصل آباد (نیوز رپورٹر) ٹکٹوں کی تقسیم کے خلاف فیصل آباد میں پی ٹی آئی دھڑے بندیوں کا شکار ہوگئی۔ ناراض رہنماؤں نے ٹکٹ نہ ملنے پر احتجاج کیا ہے اور نظر ثانی کی بھی اپیل کی ہے۔ فیصل آباد کے متعدد حلقوں میں پی ٹی آئی کے مقامی ورکر اور رہنما ٹکٹوں کی تقسیم کے خلاف سراپا احتجاج ہیں۔ اس سے قبل پی پی 162 سے ملک ظہیر (بقیہ نمبر 38)

لاہور پولیس نے عیدالفطر کی خوشیوں میں پولیس شہدا کی اہل خانہ کو بھی شریک کیا

لاہور (اسپیشل رپورٹر) لاہور پولیس نے عیدالفطر کی خوشیوں میں پولیس شہدا کی اہل خانہ کو بھی شریک کیا۔ سربراہ لاہور پولیس ایڈیشنل آئی جی بلال صدیق کمیانہ کی ہدایت پر لاہور پولیس کے تمام ایس پیز، ڈی ایس پیز، ایس ایچ اوز 154 پولیس شہدا کے گھروں میں گئے، ورثا کو عید کی مبارکباد دی اور سی سی او بلال صدیق کمیانہ کی طرف سے عید گفٹ تقسیم کئے۔ کینٹ ڈویژن میں 45، ماڈل ٹاؤن 23، سٹی ڈویژن 26، اقبال ٹاؤن 16، صدر ڈویژن 29 جبکہ سول لائنز ڈویژن میں پولیس شہدا کی 15 فیملیز (بقیہ نمبر 39)

سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کا ملکہ کوہسار مری کا دورہ

ڈی ایس پی مری، ڈی ایس پی ٹریفک مری، ایس ایچ او اور دیگر افسران بھی ہمراہ تھے

سیکورٹی انتظامات کا جائزہ لیا اور افسران کو سیاحوں کے تحفظ اور سہولت کو یقینی بنانے پر شاباش دی

مری (راولپنڈی) (جنرل رپورٹر) سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کا ملکہ کوہسار مری کا دورہ، ایس پی صدر، ایس پی ٹریفک، ڈی ایس پی مری، ڈی ایس پی ٹریفک مری، ایس ایچ او اور دیگر افسران بھی ہمراہ تھے، سی پی او نے ٹریفک و سیکورٹی انتظامات کا جائزہ لیا اور افسران کو سیاحوں کے تحفظ اور سہولت کو یقینی بنانے پر شاباش دی، مال روڈ پر لڑائی جھگڑے یا ہلڑ بازی اور لا اینڈ آرڈر کا بھی کوئی مسئلہ رپورٹ نہیں ہوا، خواتین کے ساتھ ہراسگی کا بھی کوئی واقعہ رپورٹ نہیں ہوا، اچھی ڈیوٹی سرانجام دینے پر افسران و اہلکاروں کو تعریفی اسناد دی جارہی ہیں، ضلعی انتظامیہ، ریسکیو 1122 اور دیگر اداروں کے ساتھ بہترین کوآرڈینیشن رہی، سی پی او سید خالد محمد ہمدانی۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید خالد محمود ہمدانی نے ملکہ کوہسار مری کا دورہ کیا، ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر، ایس پی ٹریفک، ڈی ایس پی مری، ڈی ایس پی ٹریفک مری، ایس ایچ او اور دیگر افسران بھی ہمراہ تھے، سی پی او نے ٹریفک و سیکورٹی انتظامات کا جائزہ لیا اور افسران کو سیاحوں کے (بقیہ نمبر 37)

آرمی چیف کا دورہ چین ملک کی خارجہ پالیسی کا تعین کرے گا، شیخ رشید

حکومت عدلیہ کو دھمکیاں دینے کے بجائے آئین و قانون کا احترام کرے ورنہ یہ آئین اور قانون کے شکنجے میں پہلے ہی خود آچکے ہیں

الیکشن پورا ہو یا پنجاب کا ہو ہو کر رہیگا بلاول نہ ساری دنیا سے 5 ڈالر امداد لایا نہ IMF سے مسئلہ حل کرایا عدلیہ کی کردار کشی کی جارہی ہے

سوات: سوات دھماکا دہشت گردی کا نتیجہ نہیں: آئی جی خیبر پختونخوا اختر حیات گنڈاپور

راولپنڈی (نامہ نگار) سربراہ عوامی مسلم لیگ اور سابق وزیر داخلہ شیخ رشید نے کہا ہے کہ آرمی چیف جنرل عاصم منیر کا دورہ چین انتہائی اہم ہے اور ملک کی خارجہ پالیسی کا تعین کرے گا۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے ٹویٹ میں شیخ رشید کا کہنا تھا کہ حکومت عدلیہ کو دھمکیاں دینے کے بجائے آئین و قانون کا احترام کرے ورنہ یہ آئین اور قانون کے شکنجے میں پہلے ہی خود آچکے ہیں، الیکشن میں جانا سیاسی خودکشی کرنے سے بہتر ہے، مولانا فضل الرحمان وہاں لے جا کر مارے گا جہاں کوئی نہیں بچائے گا۔ الیکشن پورا ہو یا پنجاب کا ہو ہو کر رہیگا بلاول نہ ساری دنیا سے 5 ڈالر امداد لایا (بقیہ نمبر 43)

حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات میں بریک تھرو کے امکانات کم ہوگئے

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات میں بریک تھرو کے امکانات کم ہوگئے۔ رپورٹ کے مطابق مسلم لیگ ن کے قائد نواز شریف اور مولانا فضل الرحمان نے عدلیہ کے خلاف اقدام کی پارلیمنٹ سے منظوری لینے کی تجویز دے دی۔ نواز شریف اور مولانا فضل الرحمان اپنے موقف کے لیے انتہائی قدم اٹھانے کو تیار ہیں جبکہ پی ڈی ایم کے کچھ رہنما احتیاط اور درمیانی (بقیہ نمبر 44)

سندھ میں ٹول پلازہ پر خفیہ کیمرے نصب کرنے اور مجرموں کے سر کی قیمت میں اضافے کا فیصلہ

کراچی (نیوز رپورٹر) سندھ سرکار نے امن امان کی بگڑتی صورتحال سے نمٹنے کے لئے صوبے کے ٹول پلازہ پر خفیہ کیمرے نصب کرنے اور جرائم پیشہ مجرموں کے سر کی قیمت میں اضافہ کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کا اجلاس 27 اپریل جمعرات کے روز دوپہر 2 بجے وزیر اعلیٰ ہاؤس میں ہوگا۔ اجلاس میں وزراء، مشیر، معاونین خاص اور افسران شرکت کریں گے (بقیہ نمبر 45)

کراچی: تحریک انصاف کا کراچی میں مردم شماری کیخلاف احتجاج کا اعلان

کراچی میں فلیٹ سے خاتون کی لاش برآمد، شوہر گرفتار

گرفتار ملزم کی مقتولہ خاتون سے دوسری شادی تھی، پولیس

کراچی (نیوز رپورٹر) ملیر کینٹ روڈ پر واقع رہائشی اپارٹمنٹ کے فلیٹ سے خاتون کی لاش ملی ہے جسے مبینہ طور پر گلا دبا کر قتل کیا گیا۔ پولیس نے خاتون کے قتل کے الزام میں شوہر کو گرفتار کر کے اس کے خلاف قتل کا مقدمہ درج کرلیا۔ گرفتار ملزم کی مقتولہ خاتون سے دوسری شادی تھی۔ تفصیلات کے مطابق ملیر کینٹ تھانے کی حدود میں واقع رہائشی اپارٹمنٹ لانیہ آرکیڈ کی چوتھی منزل پر واقع فلیٹ نمبر ڈی 402 ایک خاتون کی لاش ملی ہے جسے مبینہ طور پر گلا دبا کر قتل کیا گیا ہے۔ اطلاع ملنے پر پولیس موقع پر پہنچی اور لاش کو تحویل میں لینے کے بعد پوسٹ مارٹم کے لیے جناح اسپتال منتقل کر دیا۔ خاتون کی شناخت 45 (بقیہ نمبر 46)

سپریم کو اسکینڈلائز کیا جارہا ہے تو اس پر سوموٹو بنتا ہے: ملک احمد خان

لاہور (جنرل رپورٹر) مسلم لیگ ن پنجاب کے سینئر رہنما ملک احمد خان نے کہا ہے کہ اگر سپریم کو اسکینڈلائز کیا جارہا ہے تو اس پر اب سوموٹو لینا بنتا ہے، کوڈ آف کنڈکٹ کی خلاف ورزی (بقیہ نمبر 47)

ملتان میں پولیس فائرنگ سے 2 نوجوانوں کی ہلاکت، ایس ایچ او معطل

پولیس اہلکاروں نے اشارے پر نہ رکنے پر موٹر سائیکل سواروں پر فائرنگ کی تھی

ملتان (جنرل رپورٹر) ملتان میں پولیس فائرنگ سے 2 نوجوانوں کی ہلاکت پر تھانہ شاہ رکن عالم کے ایس ایچ او کو معطل کر دیا گیا۔ پولیس حکام کے مطابق پولیس فائرنگ میں تھانہ شاہ رکن عالم کے اہلکار ملوث تھے۔ حکام کا کہنا ہے کہ فائرنگ کے نتیجے میں 2 نوجوان جاں بحق ہو گئے تھے۔ پولیس نے کہا کہ نوجوانوں پر فائرنگ کرنے والے ایک کانسٹیبل کو گرفتار کر لیا گیا ہے، واقعے میں ملوث (بقیہ نمبر 48)

کوئٹہ: گوادر کے سمندر میں طغیانی کے خدشے کے پیش نظر ماہی گیروں کو الرٹ جاری

میجر شبیر شریف شہید نشان حیدر کا 80واں یوم پیدائش 28 اپریل کو منایا جائے گا

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) پاک فوج کے ہیرو میجر شبیر شریف شہید نشان حیدر کا 80واں یوم پیدائش 28 اپریل کو منایا جائے گا اس سلسلے میں مختلف شہروں میں منعقدہ تقریبات میں شہید کو خراج عقیدت پیش کیا جائے گا۔ میجر شبیر شریف شہید 28 اپریل 1943ء کو ضلع گجرات کے علاقہ کنجاہ میں پیدا ہوئے انہوں نے لاہور کے (بقیہ نمبر 49)

زمین کی خاطر سگے رشتوں میں خون کی ہولی، دو بھائی ابدی نیند سو گئے

تھانہ جاتلی پولیس چوکی دولتالہ کے نواح ٹھاکرہ میں زمین کے تنازع پر 2 بھائی قتل 3 افراد زخمی

گوجرخان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق تھانہ جاتلی پولیس چوکی دولتالہ کے نواحی علاقہ ٹھاکرہ میں زمین کا تنازع 2 بھائیوں کی جان لے گیا ٹھاکرہ موڑ پٹرولنگ چیک پوسٹ کے قریب زمین کے تنازعہ پر موٹر سائیکل سواروں کی ٹارگٹ کلنگ موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے دو افراد جانحق 3 افراد زخمی ہو گئے جانحق ہونے والوں کی شناخت ارشد بٹ اور اشرف بٹ ولد غلام رسول کے نام سے ہوئی دونوں سگے بھائی ہیں جن کو سگے بھتیجوں (بقیہ نمبر 50)

پولیس چوکی قاضیاں کا اہلکار دل کا دورہ پڑنے سے خالق حقیقی سے جاملا

عدنان کیانی کا نماز جنازہ آبائی علاقے سکھو میں ادا کر دیا گیا

ڈی ایس پی ایس او گوجرخان اور اہل علاقہ کی نماز جنازہ میں کثیر تعداد میں شرکت

گوجرخان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق تھانہ گوجرخان پولیس چوکی قاضیاں میں سکھو موہڑہ حیال کا رہائشی اہلکار عدنان والے دن فرائض منصبی کی ادائیگی کے دوران دل کا دورہ پڑنے سے خالق حقیقی سے جاملا پولیس اہلکار عدنان آمین کیانی دل کا دورہ پڑنے کے باعث انتقال کر گیا مرحوم سکھو موہڑہ حیال کا رہائشی تھا نمازِ جنازہ ان کے آبائی گاں سکھو میں ادا کی گی نماز جنازہ میں ڈی ایس پی گوجرخان سلیم خٹک، ایس ایچ او تھانہ گوجرخان ملک محمد نواز، انچارج چوکی سکھو سعید اکبر کیانی، پولیس ملازمین سمیت سیاسی سماجی، کاروباری شخصیات اور وکلا نے شرکت کی (بقیہ نمبر 56)

پاکستان میں گزشتہ برس سیلاب کے بعد ملیریا انفیکشن کیس چار گنا بڑھ کر 16 لاکھ ہوگئے

فیصل آباد (نیوز رپورٹر) عالمی ادارہ صحت نے کہا ہے کہ شدید موسمی اثرات سے پاکستان اور ملاوی میں ملیریا کی وجہ سے اموات میں تیزی سے اضافہ ہوا ہے۔ سندھ میں روزانہ ایک ہزار افراد ملیریا کا شکار ہونے لگے۔ ڈبلیو ایچ او کے سربراہ پیٹر سینڈز نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ پاکستان میں گزشتہ برس سیلاب کے بعد ملیریا انفیکشن کیس (بقیہ نمبر 60)

عالمی بینک نے پاکستان کے ریاستی انتظام میں چلنے والے کاروباری اداروں کو بدترین قرار دیدیا

لاہور (جنرل رپورٹر) عالمی بینک نے پاکستان کے ریاستی انتظام میں چلنے والے کاروباری اداروں کو جنوبی ایشیا میں بدترین قرار دے دیا۔ رپورٹ کے مطابق ان اداروں کا خسارہ اثاثوں کی مالیت سے زیادہ ہو رہا ہے، جس کے نتیجے میں عوامی وسائل میں نقصان اور خطرات میں اضافہ ہو رہا ہے، سرکاری کمپنیاں وجود برقرار رکھنے کیلئے عوامی فنڈز (بقیہ نمبر 53)

روسی فاریکس ایکسچینج میں روبل کے مقابلے میں ڈالر اور چینی یوان مستحکم، یورو کی شرح تبادلہ میں اضافہ

ماسکو (نیوز ڈیسک) روسی فاریکس ایکسچینج میں روبل کے مقابلے میں ڈالر اور چینی یوان مستحکم جبکہ یورو کی شرح تبادلہ میں اضافہ ہوا۔ ماسکو ایکسچینج میں منگل کو ابتدائی تجارتی سرگرمیوں کے دوران روبل کے مقابلے میں ڈالر کی شرح تبادلہ 81.33 روبلز اور (بقیہ نمبر 55)

پاکستان فرنیچر کونسل کا وفد 133 ویں کینٹن تجارتی میلے میں شرکت کے لیے منگل کو روانہ ہوگیا، میاں کاشف اشفاق

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) پاکستان فرنیچر کونسل کا وفد غیر ملکی سرمایہ کاری کو راغب کرنے، پاکستانی مصنوعات کی نمائش اور نئی برآمدی منڈیوں کی تلاش کے لیے 133 ویں کینٹن تجارتی میلے میں شرکت کے لیے منگل کو روانہ ہوگیا۔ پی ایف (بقیہ نمبر 61)

علامہ قاضی ظہور الٰہی قادری انتقال کر گئے

مرحوم علامہ قاضی ظہور الٰہی قادری کی نمازِ جنازہ سجادہ نشین عیدگاہ پیر نقیب الرحمٰن نے پڑھائی

نماز جنازہ میں علما کرام، وکلا، سیاسی سماجی شخصیات سمیت شہریوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) ممتاز عالم دین سربراہ جمعیت علما اہلسنت پاکستان ممبر ضلعی امن کمیٹی سرپرست اعلیٰ میلاد مرکز راولپنڈی کینٹ ڈھوک سیداں علامہ قاضی ظہور الٰہی قادری انتقال کر گئے ہیں۔ مرحوم کو قریبی ذاتی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ مرحوم علامہ قاضی ظہور الٰہی قادری کی نماز جنازہ سجادہ نشین آستانہ عالیہ عیدگاہ شریف پیر نقیب الرحمٰن صاحب نے پڑھائی۔ نماز جنازہ میں سربراہ متحدہ علما مشائخ کونسل (بقیہ نمبر 52)

مندرہ کے علاقہ میں 05 ماہ کے بچے کو اغوا کرنے کی کوشش ناکام

گرفتار ملزمان میں آمنہ، شاناد، این بی بی، ملائکہ، چندہ، کاجل، نوشین اور نگہت شامل ہیں

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) مندرہ کے علاقہ میں 05 ماہ کے بچے کو اغوا کرنے کی کوشش ناکام، اغوا کی کوشش کرنے والی 08 خواتین گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق مندرہ پولیس نے واقعہ کی اطلاع پر فوری کاروائی کرتے ہوئے 08 خواتین کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان میں آمنہ، شاناد، این بی بی، ملائکہ، چندہ، کاجل، نوشین اور نگہت شامل ہیں، مندرہ پولیس کو شہری نے درخواست دی کہ (بقیہ نمبر 54)

کراچی: مردم شماری پر تحفظات: ایم کیو ایم نے حکومت سے الگ ہونے پر غور شروع کر دیا

نادان لوگوں کی کوشش ہے ادارے آمنے سامنے آجائیں، وزیر قانون

سیاسی معاملات کو عدالت نہیں لے جانا چاہیے، عدالت کو بہت سے معاملات میں احتیاط برتنی چاہیے، اعظم نذیر تارڑ

اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ آج کل ٹیکنالوجی اور ہیکنگ کا زمانہ ہے، آج ایک سینئر وکیل اور سابق چیف جسٹس کی آڈیو سامنے آئی ہے

لاہور (نامہ نگار) وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ آڈیو لیک کی گفتگو انتہائی سنگین ہے، نادان لوگوں کی کوشش ہے ادارے آمنے سامنے آجائیں۔ لاہور میں ملک احمد خان کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ سیاسی معاملات کو عدالت نہیں لے جانا چاہیے، عدالت کو بہت سے معاملات میں احتیاط برتنی چاہیے۔ اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ آج کل ٹیکنالوجی اور ہیکنگ کا زمانہ ہے، آج ایک سینئر وکیل اور سابق چیف جسٹس کی آڈیو سامنے آئی ہے، سوشل میڈیا کے جدید دور میں حقائق پر پردہ نہیں ڈالا جا سکتا۔ انہوں نے مزید کہا کہ کوشش کی جارہی ہے کہ عدالت اور پارلیمنٹ سامنے آجائے، کچھ لوگ سیاسی معاملات کو بگاڑنے کی کوشش کر رہے ہیں، ماضی کے متنازع فیصلوں نے بہت نقصان پہنچایا، پارلیمان کو آئین نے کلی اختیار دے رکھا ہے، ملکی میں پہلی بار قانون جاری کرنے سے پہلے اس پر عمل روک دیا گیا۔ آج جاری ہونے والی آڈیو سے بہت سے سوالات جنم لے رہے ہیں: ملک احمد خان مسلم لیگ ن کے رہنما ملک احمد خان نے کہا کہ سابق چیف جسٹس کی ایک آڈیو سامنے آئی ہے، سپریم کورٹ کو اس آڈیو کا نوٹس لینا چاہیے، آڈیو میں ایک ججمنٹ کا حوالہ دیا گیا ہے۔ ملک احمد خان نے کہا کہ آج جاری ہونے والی آڈیو لیک سے بہت سے سوالات جنم لے رہے ہیں، واضح ہو رہا ہے کہ (بقیہ نمبر 51)

پنجاب میں پہلے الیکشن منعقد کروانا درست نہیں، رانا ثناءاللہ خان

قانون کے مطابق پورے ملک میں ایک ہی دن الیکشن کا انعقاد ضروری ہے؛ وفاقی وزیر داخلہ

16 اکتوبر کو ان کی اسمبلیاں ختم ہوں گی اس کے بعد کیئر ٹیکر حکومت کی نگرانی میں الیکشن ہوں گے جو فری اور فیئر ہونگے

فیصل آباد (خصوصی رپورٹر) وفاقی وزیر داخلہ و صوبائی صدر پاکستان مسلم لیگ (ن) پنجاب رانا ثناءاللہ خان نے کہا کہ قانون کے مطابق پورے ملک میں ایک ہی دن الیکشن کا انعقاد ضروری ہے جبکہ پنجاب میں پہلے الیکشن منعقد کروانا درست نہیں کیونکہ اگر پنجاب میں کسی ایک پارٹی کی حکومت ہوگی تو باقی پارٹیوں کے ساتھ انصاف نہیں ہوگا نیز ان کی حکومت میں فتنے نے ایک مہینہ بھی سکون سے نہیں گزارا، کبھی وہ لانگ مارچ کی دھمکی دیتا ہے اور کبھی کچھ اور دھمکی، اب کہتا ہے کہ پورے ملک میں سے پہلے پنجاب میں الیکشن کروادیں اور باقی بعد میں کروائے جائیں جو کسی صورت قابل قبول اقدام نہیں کیونکہ جب الیکشن فری اینڈ فیئر نہیں ہوتے تو ملک تباہ ہوجاتا ہے اسلئے الیکشن کا فری اینڈ فیئر ہونا اور اس کے نتیجوں پر اعتماد و یقین ہونا بہت ضروری ہے وگرنہ ملک میں مزید انارکی پھیلے گی جس کا یہ ملک متحمل نہیں ہوسکتا۔ فیصل آباد جس کا اہتمام وہاں کی سادات فیملی کی جانب سے کیا گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ انہیں مذکورہ پروقا (بقیہ نمبر 57)

سعد رفیق اور ایاز صادق کی پرویز خٹک کی رہائشگاہ آمد

لاہور (جنرل رپورٹر) وفاقی وزراء خواجہ سعد رفیق اور ایاز صادق ڈیفنس لاہور میں پی ٹی آئی رہنما پرویز خٹک کی رہائش گاہ پر ملاقات کے لیے پہنچ گئے۔ دونوں وزراء نے پی ٹی آئی رہنما پرویز خٹک کی اہلیہ کے انتقال پر اظہار تعزیت کیا۔ پی ٹی آئی (بقیہ نمبر 58)

لاہور: مریم نواز عمرہ ادائیگی کے بعد سعودی عرب سے کل پاکستان پہنچیں گی

باسمتی چاول کی برآمدات میں مارچ کے دوران 45 فیصد اضافہ

جولائی تا مارچ کے دوران مجموعی طور پر 29 لاکھ 7 ہزار 322 ٹن چاول برآمد کئے گ